# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

و

## منسلک انجمنیں

برائے سال 2005ء۔2004ء

مرتب:

حافظ خالد محمود خضر

مدیر شعبہ مطبوعات

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک وِنگ
## (Academic Wing)

قرآن اکیڈمی کا اکیڈمک ونگ اس وقت درج ذیل شعبوں پر مشتمل ہے:

1) شعبہ مطبوعات
2) شعبہ تحقیق اسلامی
3) شعبہ تدریس
4) شعبہ انگریزی

یہ چاروں شعبے ڈائریکٹر اکیڈمی کے زیر نگرانی کام کر رہے ہیں۔ شعبہ مطبوعات کے مدیر حافظ خالد محمود خضر' شعبہ تحقیق اسلامی اور شعبہ تدریس کے انچارج حافظ عاطف وحید اور شعبہ انگریزی کے انچارج ڈاکٹر ابصار احمد ہیں۔ ذیل میں ان شعبہ جات کی سال بھر کی کارگزاری پیش خدمت ہے۔

### O شعبہ مطبوعات
### (Publication Department)

شعبہ مطبوعات کے تحت تین ذیلی شعبے (sections) کام کر رہے ہیں:

(1) تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید سیکشن
(2) کمپوزنگ سیکشن
(3) پرنٹنگ سیکشن

© rasailojaraid.com

## (1) تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید سیکشن

مکتبہ خدام القرآن لاہور کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق‘ ماہنامہ حکمت قرآن‘ ہفت روزہ ندائے خلافت اور پندرہ روزہ خبرنامہ مرکزی انجمن) کے جملہ ادارتی امور‘ مثلاً مضامین کی تالیف اور ایڈیٹنگ‘ محترم صدرِ مؤسس کے دروسِ قرآن اور خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کرنا اور انہیں تحریری شکل میں مرتب کرنا‘ محترم ڈائریکٹر اکیڈمی کے خطاباتِ جمعہ کو ٹیپ سے اتار کر ان کی تلخیص تیار کرنا‘ اور قابلِ اشاعت مضامین کی پروف ریڈنگ کے ساتھ ساتھ ان میں شامل حوالہ جات کے مطابق قرآنی آیات کے متن اور ترجمہ اور احادیث نبویؐ کے متن‘ ترجمہ اور تخریج کا اہتمام کرنا اور اس نوعیت کے دیگر امور اس شعبہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہر ماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شماروں کے علاوہ مرکزی انجمن کے خبرنامہ کی اشاعت کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں مکتبہ خدام القرآن کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی تیاری اور ان کی اشاعت کی ذمہ داری بھی اسی شعبے پر ہے۔ چنانچہ یہ شعبہ نئی کتابوں کی ترتیب و تدوین‘ ان میں شامل قرآنی آیات اور احادیث کے متن‘ تراجم اور حوالہ جات کی صحت کے اہتمام‘ پرانی کتابوں کی حسبِ ضرورت نظر ثانی اور ایڈیٹنگ کے بعد نئی کمپوزنگ اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت کے وقت ان کی اغلاط کی تصحیح جیسے جملہ امور اپنے مختصر عملے کے ساتھ بحسن و خوبی انجام دے رہا ہے۔

## (2) کمپوزنگ سیکشن

شعبہ مطبوعات کا کمپوزنگ سیکشن ماہنامہ میثاق‘ ماہنامہ حکمت قرآن‘ ہفت روزہ ندائے خلافت‘ پندرہ روزہ خبرنامہ انجمن‘ جملہ کتب‘ سوالنامے‘ ہینڈبلز‘ خطوط‘ سرکلرز‘ اخباری اشتہارات اور اخبارات کو بھیجے جانے والے مضامین وغیرہ کی تمام تر کمپیوٹر کمپوزنگ اور اشتہارات اور ٹائٹلز وغیرہ کی کسی حد تک ڈیزائننگ کا کام سرانجام دیتا ہے۔

## (3) پرنٹنگ سیکشن

تمام رسائل و جرائد اور کتب کی کاپی پیسٹنگ کے علاوہ طباعت سے متعلق جملہ امور

© rasailojaraid

شعبہ مطبوعات کا پرنٹنگ سیکشن انجام دیتا ہے۔ چنانچہ پرنٹنگ پریسوں اور بک بائنڈرز سے رابطہ، زیر طبع کام کی نگرانی، طباعت کے بعد رسائل و جرائد اور کتب کی مکتبہ خدام القرآن کو فراہمی اور طبع شدہ کتب و جرائد کی ماسٹر کاپیوں کا ریکارڈ رکھنا اسی سیکشن کی ذمہ داری ہے۔

مزید برآں یہ سیکشن اخباری اشتہارات کی بکنگ کی ذمہ داری بھی ادا کرتا ہے۔

شعبہ مطبوعات کے متذکرہ بالا تینوں سیکشنز (sections) باہم دگر مربوط ہیں اور شعبہ کا تمام کام باہمی تعاون اور ٹیم ورک کے جذبے سے انجام دے رہے ہیں۔

2004-05ء کے دوران شعبہ مطبوعات کی کارکردگی کا جائزہ درج ذیل ہے:

☆ رسائل و جرائد

**میثاق**: جولائی 2004ء تا جون 2005ء کے دوران ماہنامہ میثاق کے 12 شمارے باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

**حکمت قرآن**: اس عرصے کے دوران حکمت قرآن کے 11 شمارے شائع ہوئے۔ ماہ نومبر و دسمبر 2004ء کا 112 صفحات پر مشتمل مشترکہ شمارہ شائع کیا گیا، جس میں مرکزی انجمن خدام القرآن اور منسلک انجمنوں کی کارکردگی پر مشتمل سالانہ رپورٹ برائے سال 2003-04ء بھی شامل اشاعت کی گئی۔

**ندائے خلافت**: ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ تاہم عید الفطر، عید الاضحیٰ اور سالانہ اجتماع تنظیم اسلامی کے علاوہ ایک اور موقع پر ایک ایک شمارے کا ناغہ کیا گیا۔ دورانِ سال دو خصوصی اشاعتوں کا اہتمام کیا گیا جو دو اشاعتوں کے قائم مقام تھیں۔

25/اگست 2004ء کو ندائے خلافت کا خصوصی شمارہ ''مسئلہ کشمیر نمبر'' اور 23/مارچ 2005ء کو خصوصی شمارہ ''تحریک پاکستان نمبر'' شائع کیا گیا۔

**جرائد کی بروقت ترسیل**: سال 2004-05ء کے دوران میثاق اور حکمت قرآن کی تیاری میں تاخیر کے مسئلے پر بڑی حد تک قابو پا لیا گیا اور اب الحمد للہ دونوں جریدے بالعموم مقررہ تاریخوں پر despatch کیے جاتے ہیں۔ اس طرح میثاق ہر ماہ کی یکم تاریخ سے قبل اور حکمت قرآن ہر ماہ کی ابتدائی تاریخوں میں قارئین تک پہنچ جاتا ہے۔

**خبرنامہ مرکزی انجمن**: گزشتہ سال کے دوران مرکزی انجمن خدام

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

القرآن لاہور کی دعوتی وانتظامی سرگرمیوں پر مشتمل پندرہ روزہ ''خبر نامہ'' کا اجراء کیا گیا تھا۔ یہ خبر نامہ ابھی اپنے دورِ طفولیت میں ہونے کے باعث وقت کی پابندی کا خوگر نہیں ہو سکا۔ تاہم اس سال کے دوران ''خبر نامہ'' کے متعدد شمارے شائع ہوئے۔

## ☆اشاعت کتب

سال 05-2004ء اشاعت کتب کے اعتبار سے الحمدللہ بھرپور رہا۔

(1) محترم صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کے اُمّ المسبحات ''سورۃ الحدید'' کے سلسلہ وار دروس کو یکجا کر کے کتابی شکل میں شائع کیا گیا۔ 368 صفحات ضخامت کی اس کتاب کا خاص ایڈیشن 80 گرام آفسٹ پیپر پر مضبوط جلد بندی کے ساتھ' جبکہ عام ایڈیشن اعلیٰ کوالٹی کے نیوز پیپر پر پیپر بیک بائنڈنگ کے ساتھ شائع کیا گیا۔

(2) محترم صدر مؤسس کے ذاتی و خاندانی' مالی و معاشی اور تحریکی و تنظیمی کوائف پر مشتمل کتاب ''حسابِ کم وبیش'' آں جناب کی ایک تازہ تحریر ''گزارشِ احوالِ واقعی'' کے اضافے کے ساتھ شائع کی گئی۔ اس طرح اب اس کی ضخامت 72 صفحات سے بڑھ کر 104 صفحات ہوگئی ہے۔

(3) محترم صدر مؤسس کے درس قرآن و خطاب عام پر مشتمل کتاب ''اسوۂ رسول ﷺ'' گزشتہ چند سال سے آؤٹ آف پرنٹ تھی۔ اس پر بھرپور نظر ثانی اور ذیلی سرخیوں کے اضافے کے ساتھ اسے بالاقساط ''میثاق'' میں شائع کیا گیا اور بعدہٗ کتابی صورت میں شائع کر دیا گیا۔

(4) محترم صدر مؤسس کے خطابِ عام ''رسولِ انقلاب ﷺ کا طریقِ انقلاب'' کو ترتیب وتسوید کے بعد پہلے میثاق میں اور پھر خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔

(5) محترم صدر مؤسس کے خطاب پر مشتمل ایک نیا کتابچہ ''انفرادی نجات اور اجتماعی فلاح کے لیے قرآن کا لائحہ عمل'' تیار کر کے شائع کیا گیا۔

(6) سالانہ رپورٹ مرکزی انجمن برائے سال 04-2003ء شائع کی گئی۔

(7) مکتبہ خدام القرآن کی فہرست مطبوعات چار رنگوں میں اعلیٰ کاغذ پر ندائے خلافت

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

کے سائز میں شائع کی گئی۔

(8) محترم صدر مؤسس کے دروس وخطابات پر مشتمل آڈیو رویڈیو کیسٹس، سی ڈیز اور مطبوعات کی مکمل فہرست update کر کے شائع کی گئی۔

(9) قرآن کالج میں نئے داخلوں سے پیشتر کالج کا نظر ثانی شدہ پراسپکٹس شائع کیا گیا۔

مزید برآں مکتبہ خدام القرآن کی ڈیمانڈ کے پیش نظر مندرجہ ذیل کتب کے نئے ایڈیشن شائع کیے گئے:

(10) مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق (2 بار)

(11) قرآن اور امن عالم

(12) عظمت صوم

(13) راہ نجات: سورۃ العصر کی روشنی میں

(14) مطالبات دین

(15) مسلمان خواتین کے دینی فرائض

(16) عظمت صیام وقیام رمضان مبارک

(17) حب رسول ﷺ اور اس کے تقاضے

(18) نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں

(19) اسلام میں عورت کا مقام

(20) ایجاد وابداع عالم

(21) خطبات خلافت

(22) دینی فرائض کا جامع تصور

(23) سانحہ کربلا

(24) عظمت قرآن، بزبان قرآن وصاحب قرآن ﷺ

(25) معراج النبی ﷺ

(26) عظمت مصطفیٰ ﷺ

(27) اسلام اور پاکستان

(28) مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (معیاری سائز)

© rasailojaraid.

(29) مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (پاکٹ سائز)
(30) اسلام اور پاکستان
(31) ایک اصلاحی تحریک مع خطبہ نکاح
(32) امت مسلمہ کی عمر (2بار)
(33) تنظیم اسلامی کا تاریخی پس منظر
(34) تعارف تنظیم اسلامی
(35) سابقہ اور موجودہ مسلمان امتوں کا ماضی، حال اور مستقبل
(36) آسان عربی گرامر (حصہ اول)
(37) آسان عربی گرامر (حصہ دوم)
(38) آسان عربی گرامر (حصہ سوم)
(39) قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں

© rasailojaraid

(40)The Obligations Muslims owe to the Quran.
(41) Muhammad (SAW) the Objective of His Appointment.
(42) Lessons from History.
(43) The Way to Salvation.

نیز الہدیٰ کیسٹ سیریز کے 18 کتابچے شائع کیے گئے۔

## ☆ رمضان المبارک کی خصوصی مہم

رمضان المبارک کی خصوصی مہم کے لیے مندرجہ ذیل کتابچے پندرہ ہزار کی تعداد میں شائع کیے گئے:

1) رسول انقلاب ﷺ کا طریق انقلاب
2) دنیا کی عظیم ترین نعمت: قرآن حکیم
3) روزہ اور قرآن

## ☆ میثاق اور حکمت قرآن کا اشاریہ

ماہنامہ میثاق کے مضامین کا 1959ء سے 2004ء تک 46 سال کا اشاریہ موضوع وار، مصنف وار اور شمارہ وار ترتیب سے تیار کرایا گیا۔

اسی طرح ماہنامہ حکمت قرآن کے مضامین کا 1982ء سے 2004ء تک 23 سال کا

© rasailojaraid

اشاریہ موضوع وار، مصنف وار اور شمارہ وار ترتیب سے تیار کرایا گیا۔

### ☆فقہی راہنمائی

یہ کام اگرچہ شعبہ مطبوعات کو تفویض کردہ امور میں شامل نہیں ہے، تاہم بہت سے حضرات فقہی مسائل معلوم کرنے کے لیے بالمشافہ اور بذریعہ ٹیلی فون رجوع کرتے ہیں، نیز ای میل کے ذریعے بھی استفسارات کیے جاتے ہیں۔ چنانچہ شعبہ مطبوعات فقہی امور میں راہنمائی کا فریضہ بھی مقدور بھر سرانجام دیتا ہے۔ واضح رہے کہ شعبہ مطبوعات کے پرنٹنگ سیکشن کے نگران شیخ رحیم الدین صاحب ایک سکہ بند عالم دین ہیں۔

## o شعبہ تحقیق اسلامی
## (Islamic Research & Training Section)

© rasailojaraid.

### شعبہ تحقیق اسلامی کا قیام

اب تک بحمد اللہ مرکزی انجمن کے انتظامی شعبوں یعنی ایڈمن اور اکاؤنٹس کے ساتھ ساتھ مکتبہ انجمن، شعبہ سمع و بصر، شعبہ تصنیف و تالیف، شعبہ مطبوعات، کمپیوٹر سیکشن، شعبہ تدریس اور شعبہ خط و کتابت کورس وجود میں آ چکے ہیں، جو مل جل کر مرکزی انجمن کے پیش نظر اہداف کے حصول کے لیے مؤثر انداز میں سرگرم عمل ہیں۔ ابتدائی درجے میں علمی و تحقیقی کام قبل ازیں شعبۂ تصنیف و تالیف اور شعبہ مطبوعات کے تحت بھی ہو رہا تھا جس کے لیے میدان ہموار کرنے کی خاطر شعبہ تدریس اپنا رول عمدگی سے ادا کر رہا ہے، لیکن ضرورت محسوس ہوتی تھی کہ علمی و تحقیقی کام کے لیے ایک علیحدہ بھرپور شعبہ تشکیل دیا جائے جو قرآن اکیڈمی کے تکمیلی مقاصد کے لیے مؤثر انداز میں کام کرے۔ بحمد اللہ سال 2004ء سے اس شعبے کے لیے ضروری وسائل مہیا ہونے پر، جن میں اہم ترین معاملہ مناسب افراد کی دستیابی کا تھا، شعبہ تحقیق اسلامی (Islamic Research and Training Section) کے نام سے اس شعبے کا قیام عمل میں لے آیا گیا جس کی ضرورت کا احساس بہت پہلے سے تھا، اور جس کے بغیر قرآن اکیڈمی کا تصور ادھورا تھا۔ اللہ سے دعا ہے کہ یہ شعبہ اسلام اور قرآن کے حوالے سے علمی تحقیق کا کام وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر اس طور سے انجام دے سکے کہ دین کی حقیقی روح کسی پہلو سے بھی مجروح نہ ہو اور عالمی سطح پر احیاءِ اسلام کے ہمہ گیر کام کی راہ بھی

© rasailojaraid.

اس کے ذریعے سے ہموار ہو سکے۔

## شعبہ کے مقاصد

اس شعبے کا سب سے نمایاں اور ہدف کے اعتبار سے سب سے بلند کام بحث و تحقیق ہے۔ اس کے ذیل میں دعوت اسلامی کا وہ عظیم کام مقصود ہے جسے قرآنی الفاظ میں ﴿ اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ ... ﴾ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یعنی امت کے ذہین اور تعلیم یافتہ طبقے کو حکمتِ قرآنی کے ذریعے دین کی دعوت پہنچائی جائے اور دین کی حقانیت اور فکرِ اسلامی کے علو کو ہدایتِ قرآنی کی روشنی میں مؤکد اور مدلل انداز میں پیش کیا جائے۔

اسی طرح شعبۂ تحقیق اسلامی کے سامنے جو مقاصد ہیں ان میں یہ کام بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ وہ فکرِ قرآنی جسے محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدظلہٗ نے سابقہ نصف صدی سے زائد عرصہ کے دوران نہ صرف مُلک کے کونے کونے میں' بلکہ روئے ارضی کے طول و عرض میں دعوت رجوع الی القرآن اور حکمتِ قرآن کی ترویج کے ذریعے پھیلایا ہے اور ہر دردِ دل رکھنے والے کو اس کی طرف پکارا ہے' اب یہ فکر اس بات کا متقاضی ہے کہ بڑی تعداد میں اس کے علمبردار پیدا ہوں' اسے آگے بڑھایا جائے' دلائل کے ذریعے مؤکد کیا جائے اور آج کی زبان اور اصطلاحات میں پیش کیا جائے تاکہ بالآخر احیاءِ اسلام کی راہ ہموار ہو سکے۔

اسلام کے متذکرہ بالا انقلابی فکر کی جہاں مدح و ستائش اور قبولیت ہوئی' وہیں اسے مختلف انداز میں مخالفت اور تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے۔ اس مخالفت اور تنقید میں ظاہر ہے کہ وہ حملے تو سرے سے قابلِ التفات نہیں ہیں جو اس فکر کو ایک potential danger سمجھتے ہوئے' کبھی سرکاری اور کبھی غیر یا نیم سرکاری حلقوں کی جانب سے کیے گئے ہیں۔ البتہ بعض حلقوں کی طرف سے ایسی تنقیدیں اور اشکالات بھی پیش کیے گئے ہیں جو بظاہر علمی نوعیت کے ہیں' یا جن میں اعتراض کرنے والوں کا انداز ناصحانہ اور مخلصانہ ہے۔ ایسے اشکالات اور تنقیدوں کا علمی محاکمہ اور ان کا جواب دینا اس انقلابی تحریک کی بہر حال ضرورت ہے۔ یہ شعبہ ان شاء اللہ ایسا نظام بھی وضع کرے گا جس کے ذریعے دینی' تحریکی' فقہی اور دوسرے سوالات کے جواب دیے جاسکیں۔

## انتظامات کی فراہمی

شعبہ تحقیق اسلامی کے لیے قرآن اکیڈمی کے ہاسٹل بلاک کی پہلی منزل مختص کی گئی

© rasailojaraid.

ہے۔اس منزل کی مناسب مرمت اور رنگ و روغن کا کام مکمل ہو چکا ہے اور تین عدد بڑے اور پانچ عدد چھوٹے کمروں کو بطور دفاتر کے تیار کیا گیا ہے۔شعبہ میں جدید طرز کے 9 عدد کمپیوٹرز فراہم کر دیے گئے ہیں' جو کہ شعبہ تحقیق اسلامی کے دفاتر' اعزازی ممبران' ایک سالہ کورس کے شرکاء' شعبہ تدریس اور شعبہ انگریزی وغیرہ کے استعمال میں ہیں۔مزید برآں انٹرنیٹ' پرنٹنگ' فوٹو کاپینگ اور سکیننگ وغیرہ کی سہولتیں بھی فراہم کی گئی ہیں۔اس کے علاوہ مرکزی انجمن کے دفاتر میں انٹرنیٹ کی فراہمی بھی شعبہ تحقیق اسلامی کی زیر نگرانی ہو رہی ہے۔اس طرح شعبہ میں کام بھرپور انداز سے شروع ہو چکا ہے۔

## افراد کی فراہمی

شعبہ تحقیق اسلامی میں حافظ عاطف وحید صاحب' جو اس سے قبل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں تدریس اور ریسرچ کے شعبے سے منسلک تھے' اب اس شعبے میں بطور انچارج اپنی ذمہ داری نبھا رہے ہیں اور مختلف اہم امور پر ریسرچ کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔حافظ محمد زبیر صاحب بطور ریسرچ ایسوسی ایٹ کام کر رہے ہیں اور موصوف مختلف ایشوز پر تحقیق و تصنیف کے علاوہ عربی سے اردو ترجمہ کے کام میں معاونت بھی کرتے ہیں۔مزید برآں ان کے پی ایچ ڈی کے تھیسز کو بھی شعبہ کے تحقیقی پراجیکٹ میں شامل کر لیا گیا ہے۔ان کے علاوہ ندیم سہیل صاحب شعبہ میں آفس / ریسرچ اسسٹنٹ کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

## کارکردگی کا جائزہ

شعبہ تحقیق اسلامی نے دورانِ سال جو کارکردگی کی ہے اس کے چیدہ چیدہ نکات ذیل میں درج ہیں۔

1) شعبہ کے تحت مختلف activities میں ایک نمایاں کام 16' 17 فروری کو منعقد ہونے والا دو روزہ سیمینار بعنوان ''اسلام اور بینکنگ'' ہے۔ اس سیمینار میں جدید معیشت و تجارت کے حوالے سے اسلامی بینکاری کا صحیح تصور پیش کرنی کی سعی کی گئی۔

2) ''اسلام اور بینکنگ'' کے عنوان سے منعقد ہونے والے مذکورہ بالا سیمینار کے follow up کے طور پر 9 اپریل 2005ء کو ایک مذاکرے کا انعقاد کیا گیا۔اس مذاکرہ میں

© rasailojaraid

معروف مصنف اور ماہر معاشیات شیخ محمود احمد صاحب کے پیش کردہ تصور TMCL کی شرعی، فنی و عملی حیثیتوں کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی گئی۔

3) مختلف سیمینارز میں شرکت کرنے والے تقریباً 500 سے زائد حضرات کی mailing list تیار کی جا چکی ہے۔ بعد ازاں ان حضرات کو شکریہ کے خط اور اس کے ساتھ ہی مرکزی انجمن کی رکنیت کا فارم اور انجمن کی جانب سے شائع ہونے والے ''خبر نامہ'' کی ایک کاپی بھی ارسال کی گئی، اور ان سے مزید رابطہ بھی جاری رکھا جا رہا ہے۔

4) شعبہ نے ریسرچ کے کام کو آگے بڑھانے کی غرض سے اعزازی ممبر شپ جاری کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ اس ضمن میں ان حضرات کو جو اعزازی ممبر شپ کے متمنی ہوں، مختلف سہولیات مہیا کرنے کے انتظامات کیے گئے ہیں۔

5) قرآن اکیڈمی لائبریری کی توسیع کے سلسلے میں تنظیم و انجمن کے متعلقین کو ایک اشتہار کے ذریعے دعوت دی گئی کہ وہ اپنی ذاتی لائبریری میں سے کچھ کتابیں قرآن اکیڈمی لائبریری کے لیے ہبہ کریں۔ بحمد اللہ اس اپیل کا خاطر خواہ فائدہ ہوا اور ایک صاحب نے تین چار کارٹنز بھر کے انتہائی مفید اور قیمتی کتابیں ارسال کیں۔ کئی دوسرے حضرات نے بھی کتابیں دینے کا وعدہ کیا ہے۔

6) شعبہ کے تحت لائبریری میں ایک کوالیفائیڈ لائبریرین کی خدمات بھی حاصل کی گئیں، جو لائبریری میں کتابوں کی classification، کارڈز کی تیاری اور cataloguing کے کام کو مستعدی سے آگے بڑھا رہے ہیں۔

7) صدر انجمن کے حکم کے مطابق 26 جون سے 31 جولائی تک ہر اتوار کو صبح دس بجے سال 2004ء میں ہونے والے پروگرام Round Table with Dr. Israr Ahmad کی ریکارڈنگ قرآن آڈیٹوریم میں دکھائی گئی اور اس ضمن میں شعبہ تحقیق اسلامی نے وسیع پیمانے پر تشہیری مہم کا اہتمام کیا۔ ہینڈ بلز اور دعوت نامے بڑے پیمانے پر پھیلائے گئے۔

8) انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کے جرائد، حکمت قرآن، میثاق اور ندائے خلافت میں چھپنے والے مضامین کی علمی و فنی جانچ پرکھ کے لیے بھی شعبہ تحقیق اسلامی کی جانب سے معاونت کی جاتی ہے، اور کوشش کی جاتی ہے کہ چھپنے والے مضامین کے معیار کو قائم رکھا جائے۔ علاوہ ازیں شعبہ کے ایک قابل ریسرچ ایسوسی ایٹ حافظ محمد زبیر

© rasailojaraid.com

صاحب حکمت قرآن اور میثاق کے لیے علمی اور تحقیقی مضامین لکھنے کا سلسلہ بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انچارج شعبہ' حکمت قرآن کا اداریہ لکھنے کی ذمہ داری بھی نبھا رہے ہیں۔

9) اسی طرح مختلف اطراف سے آنے والے استفسارات کا جواب دینے کا بھی سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ سوال و جواب کے اس سلسلے کے ذریعہ اب تک کثیر تعداد میں ایسے لوگوں سے رابطہ قائم کیا جا چکا ہے جو بذریعہ خطوط' یا ای میل یا بالمشافہ اپنے مسائل کے حل دریافت کرنے کے لیے رابطہ کرتے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں کوشش کی جاتی ہے کہ رابطہ کرنے والے افراد کے سامنے اپنی دعوت کو بھی مؤثر انداز میں پیش کر دیا جائے۔

10) فی الوقت شعبہ تدریس کی نظامت کی ذمہ داری بھی انچارج شعبہ تحقیق اسلامی کے سپرد ہے۔ چنانچہ اب شعبۂ تدریس کے تحت چلنے والے تمام کام بھی اسی شعبہ کے تحت سرانجام دیے جاتے ہیں۔

11) شعبہ تدریس کے تحت ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کا 06-2005 کا سیشن بحمداللہ ماہ ستمبر سے شروع ہو چکا ہے۔ اس کورس سے متعلق جملہ انتظامی معاملات مثلاً کلاس روم اور ہاسٹل میں مناسب سہولیات کی فراہمی' مدرسین کی تقرری اور رابطہ وغیرہ کے اہم امور ہنگامی طور پر ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کا اہتمام کیا گیا۔ ایک سالہ کورس کے حالیہ بیچ میں 50 سے زائد خواتین و حضرات شریک ہیں۔

12) رفیع الدین فاؤنڈیشن کو مرکزی انجمن کے تحت کرنے کے سلسلے میں پچھلے کچھ عرصہ سے خط و کتابت اور میٹنگز جاری ہیں۔ امید ہے کہ اس کام کا عملی طور پر آغاز جلد ہی کر دیا جائے گا۔

13) شعبہ تحقیق اسلامی کے تحت صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے انگریزی دورۂ ترجمہ قرآن کو کتابی شکل میں شائع کرنے کے پراجیکٹ پر بھی کام ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں transcription کا کام بھی جاری رہا۔ بحمداللہ 50 گھنٹوں کے خطاب کی transcription مکمل ہو چکی ہے۔ اب اس سلسلے کا اصل کام یعنی editing کا کام درپیش ہے۔ اس کے لیے مختلف لوگوں سے رابطہ کیا گیا ہے۔ ان شاء اللہ مثبت پیش رفت کی توقع ہے۔

© rasailojaraid

# قرآن اکیڈمی لائبریری

قرآن اکیڈمی لائبریری کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی مرکزی لائبریری کی حیثیت حاصل ہے جو قرآن اکیڈمی کے بیسمنٹ میں واقع ہے۔ شعبہ تحقیق اسلامی کے قیام کے بعد اب یہ لائبریری شعبہ تحقیق کے تحت کام کر رہی ہے۔

☆ **کتب** : یکم جولائی 2004ء کو لائبریری میں کتب کی کل تعداد 8778 تھی' دورانِ سال 425 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 23 کتب بازار سے خریدی گئیں جن کی مالیت -/33515 روپے ہے' جبکہ 423 کتب صدر مؤسس جناب محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی طرف سے بطور عطیہ موصول ہوئیں جو انہوں نے اپنی ذاتی لائبریری سے بھجوائیں۔ سال کے آخر میں کتب کی کل تعداد 9203 ہو گئی ہے۔

☆ اس سال 12 جلدوں پر مشتمل Encyclopedia of Religion and Ethics -/31050 روپے میں خصوصی طور پر لائبریری کے لیے خریدا گیا۔ جناب مشتاق احمد سندھو صاحب نے 50 کتب لائبریری کو عطیہ دیں۔

© rasailojarai

☆ **درجہ بندی اور کیٹلاگنگ** : دورانِ سال درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام جاری رہا۔ تقریباً 800 کتب کو اس مرحلے سے گزارا گیا۔ اب تک 7100 کتب کی درجہ بندی اور کیٹلاگنگ ہو چکی ہے اور مزید کتب پر کام جاری ہے۔

☆ **اجراء کتب** : سال 05-2004ء کے دوران 180 افراد کو 1200 کتب و رسائل جاری ہوئے۔ اس کے علاوہ قارئین کی ایک کثیر تعداد نے لائبریری میں بیٹھ کر کتب' رسائل و جرائد اور اخبارات کا مطالعہ کیا۔

☆ **ممبر شپ** : سال کے شروع میں ممبرز کی کل تعداد 52 تھی۔ دورانِ سال 10 نئے ممبرز کا اضافہ ہوا۔ رکنیت حاصل کرنے والوں میں زیادہ تعداد ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ کی ہے۔ کورس مکمل کرنے والے 13 طلبہ کی رکنیت expire ہو گئی۔ اس طرح سال کے آخر میں ممبرز کی کل تعداد 52 رہ گئی۔

☆ **رسائل و جرائد** : دورانِ سال لائبریری میں 150 سے زائد رسائل و جرائد موصول ہوئے' جن میں ہفت روزہ' ماہنامہ' سہ ماہی' ششماہی' سال نامے' نمبر وار اور سیریل وار رسائل و جرائد شامل ہیں۔ لائبریری میں آنے والے رسائل علمی' تحقیقی' دینی'

© rasailojarai

اصلاحی، سیاسی اور معاشرتی و سماجی موضوعات پر ہوتے ہیں۔ یہ تمام رسائل حکمت قرآن، میثاق یا ندائے خلافت کے تبادلے میں آتے ہیں۔ دورانِ سال باقاعدگی سے آنے والے اردو، انگلش رسائل کی تعداد 116 ہے۔ ان کے علاوہ بے قاعدگی سے آنے والے رسائل کی تعداد 14 ہے۔ دورانِ سال 14 رسائل بند ہوئے اور 7 نئے رسائل آنا شروع ہوئے۔

رسائل و جرائد کے موصولہ شماروں کی مجموعی تعداد 1875 ہے۔ دورانِ سال رسائل وجرائد کو 216 خطوط لکھے گئے کہ وہ اپنے رسائل و جرائد کی ترسیل میں باقاعدگی پیدا کریں اور جو بند ہو گئے ہیں ان کا دوبارہ اجراء کریں۔ ان کے جواب میں 50 رسائل و جرائد کی طرف سے خطوط موصول ہوئے، جس کا فائدہ یہ ہوا کہ بند ہونے والے رسائل دوبارہ آنا شروع ہو گئے اور پچھلے سالوں کی ہماری جو فائلیں مکمل نہیں تھیں وہ کچھ مکمل ہوگئیں۔

لائبریری میں کل 13 اخبارات آتے ہیں جن میں سے 10 اردو اور 5 انگریزی ہیں۔ اردو اخبارات نوائے وقت، جنگ، خبریں، پاکستان، دن، انصاف، اسلام، جناح، ایکسپریس اور جرأت ہیں، جبکہ انگریزی اخبارات The Dawn, The Nation, Statesman, The News اور The Frontier Post ہیں۔

لائبریری میں قارئین کی ایک کثیر تعداد ان اخبارات کا مطالعہ کرتی ہے۔ تاہم لائبریری میں اخبارات صرف معین اوقات میں فراہم کیے جاتے ہیں۔ ان اخبارات کا مطالعہ تمام ذمہ دار حضرات صبح اور رات کے اوقات میں گھروں میں کرتے ہیں۔ ان کے لیے علیحدہ اخبارات نہیں خریدے جاتے۔

☆ **اخبارات کے تراشوں کی فائلنگ** : اخبارات میں سے محترم صدر مؤسس کے بیانات، مضامین، انٹرویوز، خطاباتِ جمعہ کے پریس ریلیز اور سیمینار میں خطابات کی خبریں، تنظیم اسلامی کے متعلق دیگر خبریں، کانفرنسوں، جلسوں اور مظاہروں کی رپورٹنگ، بانی تنظیم اسلامی اور امیر تنظیم اسلامی کے پروگراموں کی رپورٹیں اخبارات سے نکال کر ان کو چسپاں کیا جاتا ہے، پھر ان کو فائل کر کے ریکارڈ میں رکھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جناب سردار اعوان، مرزا ایوب بیگ اور عابد اللہ جان کے مضامین اور خطوط وغیرہ، نیز مختلف حضرات کے تائیدی اور تنقیدی بیانات، مضامین اور خطوط بھی کاٹ کر فائل کر لیے جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

# o شعبہ تدریس

# (Teaching Section)

## رجوع الی القرآن کورس

رجوع الی القرآن کورس کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایسے حضرات کو جو بی اے اور ایم اے تک دُنیوی تعلیم حاصل کر چکے ہوں' ان بنیادی علوم سے مسلح کر دیا جائے جو قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لیے ضروری ہوں۔ گویا نو ماہ کے عرصے میں طلبہ کو (i) اتنی عربی پڑھادی جائے کہ عربی زبان کے بنیادی قواعد پر انہیں بہت حد تک عبور حاصل ہو جائے' تا کہ پھر کچھ مزید اضافی محنت اور وقت لگا کر وہ یہ استعداد حاصل کر لیں کہ قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے اس کا مفہوم بھی انہیں ساتھ ساتھ سمجھ میں آتا چلا جائے' اور قرآن حکیم سے ہدایت و نصیحت اخذ کرنے کے لیے انہیں کسی ترجمے کا مرہون منت نہ ہونا پڑے۔ (ii) تجوید کے بنیادی قواعد سکھا کر اتنی مشق کرا دی جائے کہ وہ قرآن کو صحیح طور پر پڑھ سکیں۔ (iii) قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے مطالعے اور تدریس کے ذریعے دین کا صحیح اور جامع تصور واضح انداز میں پیش کیا جائے' تا کہ طلبہ پر یہ واضح ہو جائے کہ ہمارا دین کیا ہے' وہ ہم سے کیا چاہتا ہے اور یہ کہ دینی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہے! (iv) علمِ حدیث کے بنیادی اصولوں سے اور علمِ فقہ کی مبادیات سے طلبہ کو روشناس کرادیا جائے' تا کہ پھر آئندہ زندگی میں وہ اپنی اپنی ہمت اور استعداد کے مطابق ان اہم دینی علوم میں پیش رفت کر سکیں اور اپنے دینی علم کے دائرے کو مزید وسعت دے سکیں۔ (v) طلبہ میں اس بات کی اہلیت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کہ وہ قرآن حکیم کے پیغام کو اور رجوع الی القرآن کی دعوت کو دوسروں تک پہنچا سکیں' اور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کے مطابق کہ ((خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ)) ''تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں''، وہ تعلیم وتعلّم قرآن کے مبارک کام کو آگے بڑھانے کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

یہ کورس یکم ستمبر سے 30 مئی تک منعقد ہوتا ہے۔ الحمدللہ اب تک نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی ممالک مثلاً امریکہ' کینیڈا' برطانیہ اور مشرقِ وسطیٰ سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں

© rasailojaraid

گریجویٹس' ڈاکٹرز' انجینئرز' پی ایچ ڈیز اور دوسرے پڑھے لکھے افراد اس کورس سے استفادہ کر چکے ہیں۔ کورس کی تدوین وتشکیل کے لیے مناسب اقدامات' اساتذہ کی فراہمی' کورس کی تشہیر واشاعت' پراسپکٹس کی تیاری وتقسیم اور کلاس کے انتظامی امور کی نگرانی وغیرہ جیسے تمام امور اسی شعبہ کے ذمہ ہیں۔

اس سال اس کورس میں 48 مرد اور 30 خواتین نے حصہ لیا' جس میں سے 31 مرد اور 20 خواتین نے کورس کی تکمیل کی۔ مرد حضرات میں سے محترم الیاس صاحب نے اوّل پوزیشن حاصل کی۔ موصوف ایم اے اکنامکس ہیں۔ دوسری پوزیشن محترم عابد عزیز صاحب نے' جبکہ تیسری پوزیشن محترم سجاد خان صاحب نے حاصل کی اور دوسرے طلبہ بھی اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوئے۔

خواتین میں پہلی پوزیشن وردہ احمد نے حاصل کی جو حمید احمد مرحوم کی صاحبزادی' محترم اقتدار احمد مرحوم کی پوتی اور صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی نواسی ہیں۔ دوسری پوزیشن نعمانہ انور صاحبہ نے اور تیسری شاہانہ آفتاب صاحبہ نے حاصل کی۔

اس موقع پر صدر مؤسس نے تمام کامیاب طلبہ میں اسناد تقسیم کیں اور پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے۔

## ترجمہ وترکیب قرآن کورس

قرآن مجید کی صرفی ونحوی تحلیل کے ذریعے تدریس کی ایک کلاس کا انعقاد کیا گیا۔ کلاس میں 10 افراد شریک رہے۔ کلاس کا دورانیہ چار ماہ تھا۔ کورس کی تدریس کی ذمہ داری حافظ محمد زبیر صاحب نے ادا کی۔

## o شعبہ انگریزی
## (English Section)

1) اسلام کی بنیادی معاشی تعلیمات کے موضوع پر عاطف وحید صاحب نے کراچی میں خطاب فرمایا تھا۔ اسے سی ڈی سے ترجمہ کر کے ضروری ردّوبدل کے بعد ندائے خلافت میں شائع کرایا گیا۔

2) چار کتابیں دوبارہ پرنٹ کروائی گئیں:

i) The way to Salvation

© rasailojaraid
© rasailojaraid

ii) Muhammad (SAW) the Objective of his appointment.
iii) Obligations Muslims owe to the Quran.
iv) Lessons from History.

3) The Call of Tanzeem-e-Islami فائنل تیار کر کے مناسب ٹائٹل کے لیے انجینئر محمد علی صاحب کے سپرد کی گئی۔

4) Synthesis of Iman فائنل تیار کر کے ڈاکٹر ابصار احمد صاحب سے چیک کروا کر مناسب ٹائٹل کے لیے انجینئر محمد علی صاحب کے سپرد کر دی گئی ہے۔

5) چند ای میل کے جوابات کا اردو سے انگریزی میں ترجمہ کیا گیا۔

6) ندائے خلافت کے لیے چند انگریزی کٹنگز (Cuttings) کا اردو میں ترجمہ کیا گیا۔

© rasailojaraid

# مکتبہ خدام القرآن

''مکتبہ خدام القرآن'' مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم شعبہ ہے۔ مرکزی انجمن کی کتب' محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دروس و خطابات پر مشتمل آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور CDs کو سٹاک کرنا' فروخت کرنا اور اندرون و بیرون ملک ان اشیاء کے آرڈرز کی ترسیل ''مکتبہ'' کی ذمہ داری ہے۔ اس کے علاوہ مرکزی انجمن کے تحت شائع ہونے والے جرائد' جن میں ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت شامل ہیں' کی مستقل خریداروں اور ایجنسی ہولڈرز کو بروقت ترسیل کو یقینی بنانا بھی ''مکتبہ'' کی اہم ذمہ داری ہے۔ الحمدللہ ''مکتبہ'' نے اپنی یہ معمول کی ذمہ داریاں عمدگی سے پوری کیں۔ اس کے علاوہ دورانِ سال کچھ دیگر اہم معاملات بھی مکتبہ نے بہت اچھے طریقے سے نبھائے' جن میں ''دہلی کتاب میلہ'' میں شرکت' تنظیم اسلامی کے سالانہ اجتماع میں مکتبہ کے بھرپور سٹال کا انعقاد اور قرآن اکیڈمی کے باہر (برلب سڑک) ایک سیل پوائنٹ کا اجراء خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔

## (1) دہلی کتاب میلہ 2004ء

محترم [illegible] صاحب نے مرکزی انجمن کی انتظامیہ کو توجہ دلائی کہ دہلی' انڈیا میں

© rasailojaraid

ہر سال کتب کا ایک بہت بڑا عالمی میلہ منعقد ہوتا ہے۔ اس سال انہوں نے اس میلہ میں پاکستانی شرکاء کو خصوصی دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی انجمن کو اپنے فکری لٹریچر اور محترم صدر مؤسس کے دروس و خطابات کو انڈیا میں بڑے پیمانے پر متعارف کرانے کا یہ بہترین موقع ہے' لہٰذا مرکزی انجمن کو اس میں ضرور شرکت کرنی چاہیے۔ انتظامیہ نے ان کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے میلے میں شرکت کا فیصلہ کر لیا' جس پر ''مکتبہ'' نے ہنگامی بنیادوں پر تیاریاں شروع کر دیں۔ اگرچہ میلے کے انعقاد میں بہت کم دن باقی رہ گئے تھے پھر بھی لگ بھگ پانچ لاکھ روپے مالیت کی CDs اور تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپے کی کتب ارسال کر دی گئیں۔ سٹال کی ذمہ داری سنبھالنے کے لیے مولانا شیخ رحیم الدین صاحب اور شاہد ندیم صاحب کا انتخاب عمل میں آیا' جنہوں نے آٹھ روز تک جاری رہنے والے اس کتاب میلے میں انڈیا کے مقامی رفقاء کی مدد سے ایک خوبصورت اور کامیاب اسٹال کا انعقاد یقینی بنایا۔ گو اسٹال پر اسٹال کی جانے والی اشیاء کا بہت کم حصہ فروخت ہو سکا' لیکن بڑی مقدار میں بچ جانے والا سامان بعد ازاں محترم صدر مؤسس کے دورۂ بھارت کے دوران عمدگی سے کام آیا اور مختلف پروگرامز میں مقامی رفقاء نے اس کے سٹال لگائے۔

## (2) تنظیم اسلامی کے سالانہ اجتماع 2004ء میں مکتبہ کا سٹال

ماہِ اکتوبر 04ء میں فردوسی پارک' دراجکے (سادھوکی) کے مقام پر تنظیم اسلامی کے سالانہ اجتماع کے موقع پر ''مکتبہ'' نے اپنے بھرپور اور خوبصورت اسٹال کا اہتمام کیا۔ شہر سے دور ہونے کے باعث اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ تین روزہ اجتماع میں کسی چیز کی کمی کا احساس نہ ہونے پائے۔ الحمدللہ ''مکتبہ'' نے اپنے کارکنوں کی انتھک محنت اور جذبہ کار کی بدولت ایک کامیاب اسٹال منعقد کیا۔ اس موقع پر لگ بھگ ڈھائی لاکھ روپے کی کتب ڈیسٹس اور CDs فروخت ہوئیں۔

## (3) قرآن اکیڈمی کے باہر سیل پوائنٹ کا قیام

مرکزی انجمن کی کتب ڈیسٹس اور خصوصاً CDs کی تیزی سے بڑھتی ہوئی فروخت کے باعث اس بات کا احساس کچھ عرصہ سے شدت اختیار کرتا جا رہا تھا کہ ان اشیاء کی خریداری کے لیے آنے والے گاہکوں کو قرآن اکیڈمی کے اندر خصوصاً تہہ خانے تک پہنچنا کچھ گراں گزرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بات انتظامی اعتبار سے بھی زیادہ اطمینان بخش نہ تھی۔ لہٰذا

© rasailojaraid

طے کیا گیا کہ نقد فروخت کے لیے اکیڈمی کے باہر ایک سیل پوائنٹ قائم کر دیا جائے۔ الحمد للہ اکتوبر 04ء سے سیل پوائنٹ کا قیام عمل میں آ چکا ہے۔ اس کے بہترین نتائج سامنے آئے ہیں اور فروخت میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

اس کے علاوہ ''تحریک خلافت پاکستان'' کے تحت الحمراء ہال اور ایوان اقبال ہال میں منعقد ہونے والے مختلف پروگرامز میں ''مکتبہ'' نے خصوصی طور پر اپنے سٹالز کا اہتمام کیا۔ جبکہ محترم صدر مؤسس کے ہفتہ وار درس قرآن (منعقدہ قرآن آڈیٹوریم) میں ''مکتبہ'' کا سٹال باقاعدگی سے جاری رہا۔

گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی مکتبہ کی مجموعی فروخت لگ بھگ 53 فیصد زیادہ رہی۔ ذیل میں گزشتہ تین سال کی مجموعی فروخت کا ایک تقابلی جائزہ حاضر خدمت ہے۔

| | 2002-03ء | 2003-04ء | 2004-05ء |
|---|---|---|---|
| کتب | 7,91043 | 10,64,791 | 19,32,935 |
| کیسٹس / CDs | 15,97,620 | 28,79,393 | 58,15,148 |
| جرائد | 14,57,735 | 21,00,945 | 14,76,048 |
| میزان | 38,46,398 | 60,45,129 | 92,24,131 |

# شعبہ خط و کتابت کورسز

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب صدر مؤسس انجمن خدام القرآن اور بانی تنظیم اسلامی کی دعوت ''رجوع الی القرآن'' کی متعدد جہتیں (Facets) ہیں۔ عوام کے لیے ڈاکٹر صاحب کے دروس قرآن اور خطبات جمعہ' قرآن کالج میں نوجوان طلبہ کے لیے یونیورسٹی کورسز' یعنی ایف۔اے' بی۔اے' کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم یعنی عربی گرامر' قرآن اور حدیث کی تعلیم' عمر رسیدہ اور Serving احباب کے لیے عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ایک سالہ کورس اور تجوید سیکھنے کے لیے سپیشل کلاسز۔

مزید برآں محترم ڈاکٹر صاحب کے دورۂ ترجمۂ قرآن اور دروس و خطابات لاکھوں کی

© rasailojaraid

تعداد میں آڈیو اور ویڈیو کیسٹس تمام دنیا میں پھیل چکے ہیں‘ جن کے ذریعے سے قرآن مجید کی تعلیمات کو نوع انسانی کے لیے عام کیا گیا ہے۔

ان سب کے علاوہ ایسے طلبہ و طالبات‘ خواتین و حضرات جو ملک سے یا لاہور سے باہر ہیں‘ یا جن کے لیے کسی وجہ سے قرآن کالج / قرآن اکیڈمی‘ لاہور میں حاضری ممکن نہیں‘ خط و کتابت کورسز ترتیب دیے گئے ہیں‘ تا کہ سب گھر بیٹھے بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں:

(i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس
(ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول) کورس
(iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم) کورس
(vi) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم) کورس
(v) ترجمہ قرآن کریم کورس

© rasailojaraid.

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور و شور سے جاری ہے۔ اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد 3708 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ‘ مکہ مکرمہ‘ مدینہ منورہ‘ ریاض‘ داہران اور الواسع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظہبی‘ دوبئی‘ شارجہ‘ راس الخیمہ‘ انگلینڈ‘ فرانس‘ کینیڈا اور امریکہ میں کورس کا اجراء ہو چکا ہے۔

دوسرے کورس عربی گرامر کورس (حصہ اول) کا اجراء نومبر 1990ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لیے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو عربی گرامر کے بنیادی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور احادیث سے براہ راست استفادہ کے لیے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ اول الذکر کورس کی طرح یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا۔ اس کے طلبہ اور طالبات کی تعداد 2563 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرون پاکستان سعودی عربیہ‘ ابوظہبی‘ دوبئی‘ شارجہ‘ انگلینڈ‘ فرانس‘ کینیڈا اور امریکہ میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 1992ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 34[illegible] تک پہنچ چکی ہے‘ جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 1997ء میں ہوا۔ اس میں طلبہ کی

© rasailojaraid.

تعداد 160 تک پہنچ چکی ہے۔

## ترجمہ قرآن کریم کورس

1996ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان ''ترجمہ قرآن کریم'' کورس کا اجراء کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر Youngsters کے لیے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔ ان طلبہ اور طالبات کا حافظہ بہت تیز ہوتا ہے اور یہ الفاظ کا ترجمہ بآسانی یاد کر سکتے ہیں۔

آج کل کے مادی دور میں زندگی کا مقصد دنیا کا حاصل کرنا ہی بنا لیا گیا ہے۔ جب سے ہمارے ہاں اولاد ہوتی ہے۔ اس کے لیے ہماری بڑی سے بڑی کوشش اور خواہش کیا رہنے لگتی ہے؟ یہی نا کہ یہ اونچی ڈگری حاصل کرے' اونچے سے اونچے مقابلہ کے امتحان میں کامیاب ہو اور اعلیٰ ملازمت حاصل کرے۔ اس مقصد کو سامنے رکھ کر والدین اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کو اندھا دھند انگلش سکولوں' پروفیشنل کالجوں اور یونیورسٹیوں میں جھونک دیتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ نئی نسل قرآن' سنت اور شعائرِ اسلام سے بالکل کوری رہ جاتی ہے۔ جن گھروں میں والدین باقاعدگی سے نمازیں ادا کرنے والے اور تلاوت قرآن کرنے والے ہوتے ہیں ان کی اولاد انگلش سکولوں میں پڑھنے کی وجہ سے دین (قرآن' نماز) سے بالکل بے بہرہ ہوتی ہے۔

ایسے نوجوان بچوں اور بچیوں کو ترجمہ قرآن سکھانے کے لیے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں Convenient وقت میں روزانہ دس پندرہ منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں۔ گھر سے باہر جانے کی ضرورت نہیں' ٹیوٹر کی ضرورت نہیں' ٹیوشن فیس دینے کی بھی ضرورت نہیں۔ دین دار والدین جنہوں نے کسی وجہ سے اب تک اپنی اولاد کو قرآن کی تعلیم دینے کی طرف توجہ نہیں دی وہ صرف تھوڑی سی توجہ کر کے اپنے بچوں' بچیوں کو اس طریقہ کے مطابق قرآن کریم کا ترجمہ سکھا سکتے ہیں۔ انہیں صرف یہ دیکھنا ہے کہ بچے روزانہ دس پندرہ منٹ اس کام کے لیے صرف کریں گے اور ناغہ نہیں کریں گے۔

تدریس: قرآن کریم میں تقریباً اسی ہزار (80,000) الفاظ ہیں مگر اصل الفاظ دو ہزار ہیں جو بار بار آنے کی وجہ سے اسی ہزار کی تعداد تک پہنچ جاتے ہیں۔ ان دو ہزار الفاظ میں بھی تقریباً پانچ سو (500) الفاظ وہ ہیں جو اردو میں بولے اور سمجھے جاتے ہیں۔ یہ بار بار استعمال

© rasailojaraid

ہونے والے الفاظ کتابچہ ترجمہ قرآن میں دیے گئے ہیں۔ طلبہ اور طالبات نے ان الفاظ کو یاد کرنا ہے۔ بہتر طریقہ تو یہ ہے کہ انہیں لکھ کر خوب ذہن نشین کرلیا جائے' ورنہ انہیں رٹ کر یاد کرلیا جائے۔ جب یہ الفاظ خوب یاد ہو جائیں تو بچے ''ترجمہ قرآن کریم'' پہلے پارہ سے شروع کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے حافظ نذر احمد صاحب کا ترجمہ Recommend کیا جاتا ہے۔ ترجمہ قرآن کریم' کورس کی تدریس' نصاب' طریقہ امتحان' تعلیمی استعداد اور کورس کے دورانیہ کے لیے پراسپکٹس کی طرف رجوع کریں۔ اس کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔ اس کورس کی فیس بہت کم یعنی صرف 150 روپے رکھی گئی ہے۔ اس کورس کا اجراء فروری 1996ء سے کیا گیا۔ اب تک اس کورس میں 1476 طلبہ اور طالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 130 طلبہ وطالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

## ان کورسز کو متعارف کرانے کے لیے اقدام

© rasailojaraid.c

2004ء-2003ء کے دوران ان دونوں کورسز کو بڑے پیمانہ پر متعارف کرانے کے لیے مندرجہ ذیل اقدام کیے گئے ہیں۔

1- انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کے اپنے ماہانہ جرائد ''حکمت قرآن'' ''میثاق'' اور ''ندائے خلافت'' میں وقفہ وقفہ سے ان کورسز کے اشتہارات شائع کیے گئے۔

2- ان کورسز کو پبلک میں متعارف کرانے کے لیے روزنامہ ''جنگ'' میں سال میں دو دفعہ اشتہارات دیے گئے۔

3- قرآن اکیڈمی میں جتنے جرائد وصول ہوتے ہیں ان میں 120 جرائد کے مدیروں کے نام اپنے جرائد میں شعبہ خط و کتابت کورسز کا اشتہار شائع کرنے سے متعلق خطوط ارسال کیے گئے۔

4- ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو ان کورسز سے متعارف کرانے کے لیے ذاتی خطوط بھی تحریر کیے۔

5- لاہور کی مندرجہ ذیل بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو ان کورسز کے بارے میں خطوط لکھے گئے۔ ان سے استدعا کی گئی کہ ان کورسز کے اشتہارات اپنی لائبریریوں کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کیے جائیں۔ انہیں اشتہارات' کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارم بھی بھجوائے گئے:

© rasailojaraid.c

(ا) پنجاب پبلک لائبریری

(ب) پنجاب یونیورسٹی لائبریری' لاہور

(ج) دارالسلام لائبریری باغ جناح' لاہور

(د) قرآن محل' پنجاب پبلک لائبریری' لاہور

(ر) قائداعظم لائبریری' باغ جناح' لاہور

(ڑ) گورنمنٹ ماڈل ٹاؤن لائبریری' لاہور

6) ماڈل ٹاؤن کی مسجدوں میں ماہ رمضان میں شعبہ خط وکتابت کورسز کے اشتہارات نوٹس بورڈوں پر آویزاں کیے گئے' تاکہ پبلک اور طلبہ ان کورسز سے متعارف ہو کر مستفید ہوسکیں۔

7) ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں جامع القرآن قرآن اکیڈمی' لاہور میں بعد نماز عصر معتکفین حضرات کو ایک لیکچر کے ذریعہ ناظم شعبہ خط وکتابت کورسز نے شعبہ کے کورسز کے بارے میں معلومات بہم پہنچائیں۔ کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارم بھی تقسیم کیے گئے۔

8) ماہِ رمضان میں جامع القرآن قرآن اکیڈمی' لاہور میں اسی شعبہ کے کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارمز رکھے گئے تاکہ نمازی حضرات ان کا مطالعہ کر کے ان سے مستفید ہوسکیں۔

9) 23-5-2005 کو قرآن اکیڈمی میں ناظم شعبہ نے رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ و طالبات کو ایک لیکچر کے ذریعہ شعبہ کے کورسز کا تعارف کرایا۔ پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی تقسیم کیے گئے۔

10) قرآن کالج میں ایک ماہ کے دینی معلومات تربیتی کورس کے طلبہ کو ایک لیکچر کے ذریعہ شعبہ کے کورسز سے تعارف کرایا گیا۔ پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی تقسیم کیے گئے۔

11) شعبہ خط وکتابت کورسز کے اشتہارات پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ جات' ہوسٹلز اور جامع مسجد میں نوٹس بورڈوں پر طلبہ وطالبات کی اطلاع کے لیے چسپاں کیے گئے۔

© rasailojaraid.c

## 4۔ موازنہ

| | (جولائی2003ءتا جون2004ء) | (جولائی2004ءتا جون2005ء) |
|---|---|---|
| **1۔ قرآن حکیم کی فکری وعملی راہنمائی کورس** | | |
| (ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 76 | 94 |
| (ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 14 | 09 |
| **2۔ عربی گرامر کورس (حصہ اول)** | | |
| (ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 158 | 142 |
| (ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 17 | 15 |
| **3۔ عربی گرامر کورس (حصہ دوم)** | | |
| (ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 16 | 17 |
| (ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 07 | 09 |
| **4۔ عربی گرامر کورس (حصہ سوم)** | | |
| (ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 12 | 07 |
| (ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 03 | 07 |
| **5۔ ترجمہ قرآن کریم کورس** | | |
| (ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 160 | 212 |
| (ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 17 | 14 |

میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے انٹرنیٹ ایڈیشن
تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ www.tanzeem.org پر ملاحظہ کیجئے۔

© rasailojaraid.

# شعبہ سمع و بصر

## معمول کی سرگرمیاں

الحمدللہ گذشتہ کئی برسوں سے شعبہ سمع و بصر اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے۔ گزشتہ سال کے دوران بھی اس شعبہ میں حسب معمول انتہائی اہم امور سر انجام دیے گئے۔ مکتبہ انجمن کو ڈیمانڈ کے مطابق آڈیو، ویڈیو کیسٹ اور سی ڈیز فراہم کی گئیں۔ محترم صدرِ مؤسس کے خطابات، دروس اور دیگر تقاریر کی ریکارڈنگ کی گئی۔ انجمن کے تحت ہونے والے تمام پروگراموں میں ساؤنڈ سسٹم اور ریکارڈنگ کی سہولت مہیا کی گئی۔ گزشتہ سال کے دوران درج ذیل کی تعداد میں آڈیو/ ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز تیار کر کے مکتبہ کو فروخت کے لیے دی گئیں:

| | | |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | : | 36146 |
| ویڈیو کیسٹس | : | 2233 |
| سی ڈیز اور ویڈیو سی ڈیز | : | 160928 |
| ڈی وی ڈیز | : | 19990 |

☆ اتوار کے دن صدر مؤسس کے درس قرآن کی ڈیجیٹل ریکارڈنگز لی جا رہی ہیں۔ درس قرآن میں جو آیات تلاوت کی جا رہی ہوتی ہیں ان کو ملٹی میڈیا پروجیکٹر پر دکھانے کا انتظام کیا گیا۔

☆ انٹرنیٹ پر حسب معمول تنظیم کی سائیٹ www.tanzeem.org کو باقاعدگی سے update کیا جاتا رہا اور خطابات جمعہ، ندائے خلافت، حکمت قرآن، میثاق اور عابداللہ جان کے مضامین باقاعدگی سے upload کیے جاتے رہے ہیں۔ شعبہ سمع و بصر کے تحت تمام e-mails کی وصولی اور ان کی متعلقہ شعبہ کو ترسیل کی گئی اور ان کے جوابات باقاعدگی سے ارسال کیے گئے۔

## نئی سی ڈیز کی تیاری

دوران سال درج ذیل نئی سی ڈیز تیار کی گئیں:

© rasailojaraid.com

i) اسلام میں پردے کے احکام VCD
ii) اسلام اور بینکنگ
iii) روشن خیالی VCD
iv) قرآن کی عظمت MP3
v) جرائد 2004
vi) Round Table with Dr. Israr Ahmad

## نئی DVDs کی تیاری

دوران سال مندرجہ ذیل DVDs تیار کی گئیں:

i) ختم نبوت اور تکمیل رسالت
ii) عظمتِ مصطفیٰ ﷺ
iii) اسلام میں پردے کے احکام
iv) رسول انقلابؐ کا طریقِ انقلاب
v) خطباتِ خلافت
vi) اسلام اور بینکنگ
vi) بیان القرآن
vii) منتخب نصاب
viii) Round Table with Dr. Israr Ahmad

# خصوصی سرگرمیاں

## ☆ بیان القرآن MP3 عید گفٹ

امسال رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ناظم شعبہ سمع و بصر نے ناظم اعلیٰ مرکزی انجمن خدام القرآن کی زیرنگرانی صدر مؤسس کے دورۂ ترجمہ قرآن کی MP3 سی ڈیز کو ایک مہم کے طور چلانے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلے میں قریشی انڈسٹریز کا تعاون حاصل کیا گیا۔ 2 سی ڈیز کے سیٹ کی قیمت صرف -/20 روپے رکھی گئی۔ قریشی انڈسٹریز کا تعاون ہمیں 5000 سی ڈیز تک حاصل تھا اور یہ سی ڈیز ایک ہفتہ کے اندر ختم ہو گئیں۔ کافی لوگوں نے ان سی ڈیز سے استفادہ کیا اور ان کو دوسروں کو تحفے کے طور پر پیش کیا۔ اس کے بعد احمد کنکریٹ لمیٹڈ کی جانب سے تعاون حاصل ہوا اور یہ 5000 سی ڈیز بھی ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئیں۔ ان سی ڈیز کے بڑے بڑے سائن بورڈز ماڈل ٹاؤن لنک روڈ' جیل روڈ اور گارڈن ٹاؤن کے چوک پر لگائے گئے تھے اور اس کے لیے ہمیں ایک بل بورڈ کمپنی Adsells کا تعاون حاصل تھا' جنہوں نے بلا معاوضہ ہماری سی ڈیز کے سائن بورڈ آویزاں کیے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام لوگوں کی سعی و جہد کو اپنے دین کے کام کے لیے قبول فرمائے۔ آمین!

© rasailojaraid.com

## ☆ سالانہ اجتماع (تنظیم اسلامی)

تنظیم اسلامی کا سالانہ اجتماع 7 تا 19 اکتوبر 2004ء فردوسی فارم دراجکے (سادھوکے) میں منعقد ہوا۔ ہر سال کی طرح شعبہ سمع و بصر کے ذمہ آڈیو‘ ویڈیو ریکارڈنگ‘ ساؤنڈ سسٹم کا انتظام کرنا اور ٹیلی فون ایکسچینج کی تنصیب تھی۔ سالانہ اجتماع کے دوران شعبہ سمع و بصر کے تمام کارکنان سادھوکے میں موجود تھے اور مختلف ذمہ داریاں ادا کررہے تھے۔ سالانہ اجتماع کی مکمل آڈیو اور ویڈیو ریکارڈنگ کی گئی اور آڈیو کیسٹس کو ہر پروگرام کے آخر میں شرکاء تک پہنچانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اسی طرح سے سالانہ اجتماع کے آخری دن تمام پروگرامز کی مکمل سی ڈی بھی فروخت کے لیے مکتبہ کو پہنچائی گئی۔ الحمدللہ تمام کام نہایت خوش اسلوبی سے اور بروقت مکمل ہوئے۔

## ☆ شادی بیاہ کی تقریبات میں اصلاح VCDs

بیان القرآن MP3 سی ڈیز کی طرز پر ناظم شعبہ سمع و بصر نے شادی بیاہ کی تقریبات میں اصلاح کے عنوان سے صدر مؤسس کی ایک انتہائی جامع تقریر کو ایک مہم کے طور پر چلانے کا فیصلہ کیا۔ الحمدللہ لوگوں کی جانب سے اس کوشش کو کافی سراہا گیا ہے۔ یہ تقریر بھی 2VCDs پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت صرف -/30 روپے رکھی گئی ہے۔ ان سی ڈیز کے سائن بورڈز بھی مختلف مقامات پر آویزاں کیے گئے ہیں۔

## سیٹلائیٹ چینلز کی معاونت

☆ ARY Digital کے زیرانتظام چلنے والے ایک چینل QTV پر صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے حالیہ منتخب نصاب کے دروس کو باقاعدگی سے دکھایا جاتا رہا۔ بحمداللہ یہ دروس عوام الناس میں بہت مقبول ہوئے ہیں‘ اس کا اندازہ ہمیں e-mails سے بخوبی ہوتا ہے۔ ان تمام دروس کی ریکارڈنگ کے فرائض شعبہ سمع و بصر ادا کررہا ہے اور ARY کو ان دروس کی ایڈٹ شدہ ڈیجیٹل کیسٹس فراہم کررہا ہے۔ اسی طرح ARY کو بیان القرآن کی نئی ایڈٹ شدہ DV کیسٹس فراہم کی گئیں جنہیں رمضان المبارک اور اس کے بعد Qtv پر باقاعدگی سے دکھایا گیا۔

☆ 12 ربیع الاول کے حوالے سے صدر مؤسس نے خصوصی طور پر سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر 10 تقاریر ریکارڈ کروائی تھیں‘ جنہیں Qtv نے یکم ربیع الاول سے 10 ربیع

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

الاول تک روزانہ نشر کیا اور بعد ازاں یہی تقاریر دوبارہ Prime Tv سے بھی نشر کی گئیں۔ لوگوں کی ایک کثیر تعداد نے اسے بہت پسند کیا۔

☆ امیر تنظیم اسلامی‘ ڈائریکٹر اکیڈمی محترم جناب حافظ عاکف سعید صاحب کے دورۂ ترجمہ قرآن 2003 کی ایڈیٹنگ کا کام جاری ہے اور اس کی DV کیسٹس ساتھ کے ساتھ Qtv کو ارسال کی جا رہی ہیں‘ جنہیں وہ یکم جولائی 2005ء سے نشر کر رہے ہیں۔

☆ Prime TV نے‘ جو کہ خصوصاً یورپ میں اپنی نشریات پیش کر رہا ہے‘ صدر مؤسس محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد کے بیان القرآن اور منتخب نصاب کو براڈ کاسٹ کرنا شروع کیا ہے۔ اس چینل کو بھی شعبہ پروگرام فراہم کر رہا ہے۔ صدر مؤسس کی تقاریر عظمت مصطفیٰ ﷺ‘ سیرت النبی ﷺ اور قائداعظم اور علامہ اقبال کا نظریہ پاکستان کی ریکارڈنگز بھی مہیا کی گئی جنہیں جلد ہی براڈ کاسٹ کر دیا جائے گا۔ اسی طرح ای میلز اور ٹیلیفون ... سے اس بات کا اندازہ ہو رہا ہے کہ یورپ میں ان پروگرامز کو کافی شوق سے دیکھا جا رہا ہے۔

© rasailojaraid.

☆ ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب اپنا ایک سیٹلائیٹ چینل شروع کر رہے ہیں جس کے لیے انھوں نے صدر مؤسس کی ریکارڈنگز مانگی تھیں۔ انہیں بیان القرآن اور منتخب نصاب کی DV کیسٹس کاپی کر کے ارسال کر دی گئی ہیں‘ امید ہے جلد ہی وہ چینل کام شروع کر دے گا اور ہمارے پروگرامز اس پر بھی نشر ہوں گے۔ ان شاءاللہ

☆ چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کے دورۂ ترجمہ قرآن پنجابی کی ریکارڈنگز کا آغاز ہو چکا ہے اور اس کی اب تک 87 اقساط ریکارڈ ہو چکی ہیں۔ مختلف چینلز سے اس سلسلے میں بات چیت چل رہی ہے اور کچھ پنجابی زبان کے چینلز اس سلسلے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ امید ہے کہ جلد ہی اس کی براڈ کاسٹنگ شروع ہو جائے گی۔ ان شاءاللہ!

## دورۂ ترجمہ قرآن LIVE

اس سال قرآن اکیڈمی میں ہونے والے دورۂ ترجمہ قرآن کو مقامی کیبل کمپنیوں پر براہ راست دکھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ لاہور کی دو بڑی کیبل کمپنیوں NBC اور MAX نے اسے براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا اور یہ پروگرام تقریباً آدھے لاہور میں دیکھا گیا تھا۔ الحمدللہ ... رمضان المبارک کے دوران یہ پروگرام بغیر کسی رکاوٹ اور پریشانی کے

© rasailojaraid.

جاری رہا اور لوگوں کی جانب سے اس کو بہت پسند کیا گیا۔ اسی طرح پورے رمضان المبارک کے دوران خطابِ جمعہ کو بھی براہِ راست نشر کیا گیا۔ NBC کیبل کمپنی نے اب ایک چینل مستقل طور پر ہمیں دے دیا ہے۔ صدر مؤسس کے دروس اور تقاریر کے علاوہ ڈاکٹر ذاکر نائیک اور دیگر مقررین کے پروگرام نشر کیے جا رہے ہیں اور تمام پروگرام شعبہ سمع و بصر سے ٹیلی کاسٹ ہو رہے ہیں۔ اسی طرح جمعہ کی تقریر اور نماز بھی براہ راست نشر کی جا رہی ہے۔

## ریڈیو چینلز کی معاونت

☆ صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بیان القرآن کی آڈیو سی ڈیز ریڈیو براق کو بھجوائی گئی ہیں۔ یہ ریڈیو چینل سیالکوٹ اور پشاور سے اپنی نشریات کر رہا ہے اور یہ ریڈیو چینل مقبوضہ کشمیر میں بھی سنا جاتا ہے۔

☆ صدر آباد سے بھی ایک FM ریڈیو اسٹیشن شروع ہو گیا ہے۔ اس کو بھی صدر مؤسس کے بیان القرآن کی آڈیو سی ڈیز ارسال کر دی گئی ہیں۔

☆ بہاولپور میں بھی ایک FM چینل کو صدر مؤسس کے بیان القرآن کی CDs فراہم کی گئی ہیں جس کو وہ نشر کر رہے ہیں۔

## کیبل چینل

لاہور کی ایک بڑی کیبل کمپنی NBC نے ہمیں ایک چینل فراہم کر رکھا ہے جس پر ہم صدر مؤسس اور دیگر مقررین کی ریکارڈنگز چلا رہے ہیں۔ اسی کیبل چینل پر ہم نے رمضان المبارک کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن Live نشر کیا تھا۔ پہلے یہ چینل صرف 12 گھنٹے چل رہا تھا، مگر اب ہم نے اس چینل کو چلانے کے لیے ایک P-IV کمپیوٹر لے لیا ہے، جس کی بدولت اب یہ چینل 24 گھنٹے چلتا ہے۔ اسی چینل پر ہم خطاب جمعہ کو بھی Live نشر کر رہے ہیں۔

## قرآن اسٹوڈیو

☆ صدر مؤسس اور دیگر مقررین کی تقاریر کو براڈ کاسٹ لیول پر تیار کرنے کے لیے ایک اسٹوڈیو کی تعمیر کا فیصلہ کیا گیا اور الحمدللہ دو ماہ کے قلیل عرصہ میں اس کی تعمیر مکمل کر لی گئی۔ یہ مکمل طور پر ساؤنڈ پروف ہے۔ اس میں صدر مؤسس کی تقاریر بعنوان ''سیرت النبی ﷺ'' ریکارڈ کی گئی ہیں، اسی طرح ARY One کے پروگرام Views

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

News on کی ریکارڈنگ بھی یہاں پر کی گئی ہے۔ آج کل رحمت اللہ بٹر صاحب کے دورۂ ترجمہ قرآن پنجابی کی ریکارڈنگز جاری ہیں اور اس کی اب تک 187 اقساط ریکارڈ ہو چکی ہیں۔

## شعبہ سمع و بصر کی منتقلی

بحمداللہ ہر سال شعبہ کے کام میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اسٹاف اور Equipment میں اضافہ کی وجہ سے شعبہ کی موجودہ جگہ بہت کم پڑ رہی تھی' لہٰذا انجمن کی انتظامیہ نے شعبہ کے لیے 433-K ماڈل ٹاؤن کا مکان (جو کہ انجمن اور تنظیم کی ایک خاتون ممبر نے انجمن کو گزشتہ کئی سالوں سے استعمال کے لیے دیا ہوا ہے) بطور دفتر فراہم کر دیا ہے۔ اس کی ضروری مرمت کا کام جاری ہے اور ان شاء اللہ جولائی میں شعبہ کی وہاں منتقلی عمل میں آ جائے گی۔

## ناظم شعبہ سمع و بصر کا دورۂ انڈیا

ناظم شعبہ سمع و بصر جناب آصف حمید صاحب دسمبر کے آغاز میں (8 تا 20 دسمبر) ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کی دعوت پر انڈیا تشریف لے گئے۔ وہاں آپ نے IRF (Islamic Research Foundation) کے ویڈیو سیکشن کا تفصیلی دورہ کیا اور ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب اور متعلقہ افراد سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ اس دوران آپ مسلسل ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کے ساتھ رہے اور ان سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ آپ وہاں سے ویڈیو ریکارڈنگ کے حوالے سے کافی کچھ دیکھ کر آئے ہیں اور ان شاء اللہ اُن کو یہاں پر استعمال کرنے کا ارادہ ہے۔

## انٹرنیٹ کا استعمال

i) معمول کی سرگرمیاں: گزشتہ سال کے دوران بھی بحمداللہ صدر مؤسس اور ڈائریکٹر انجمن کے خطابات اور منتخب دروس انٹرنیٹ پر تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ پر نشر ہوتے رہے۔ اسی طرح نئے مضامین اور پریس ریلیز بھی ویب سائٹ پر آویزاں کیے گئے۔ ای میلز کی روزانہ وصولی اور ان کے جوابات کی ترسیل کا اہتمام کیا گیا۔

بحمداللہ انٹرنیٹ کی سہولت سے محترم صدر مؤسس کے خطبات و تقاریر ہزاروں کی تعداد میں لوگ ہر ہفتہ نہ صرف انٹرنیٹ پر سنتے ہیں بلکہ اس کی آڈیو کیسٹس بنا کر وسیع پیمانے پر تقسیم

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

کرتے ہیں۔ ان خطابات کے علاوہ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمہ قرآن‘ منتخب نصاب اردو اور منتخب نصاب انگریزی تمام کا تمام ساعت کے لیے دستیاب ہے۔ علاوہ ازیں صدر مؤسس کی کئی انگریزی تصانیف بھی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ دیگر حضرات کے اہم مقالہ جات بھی افادہ عام کے لیے سائٹ پر رکھے گئے ہیں۔ مرکزی انجمن و تنظیم اسلامی کے جرائد میثاق‘ حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے انٹرنیٹ ایڈیشن بھی باقاعدگی سے ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جاتے رہے۔

## تکنیکی معاونت

مرکزی انجمن کے دیگر شعبہ جات جن میں قرآن کالج لاہور‘ شعبہ مطبوعات‘ شعبہ انگریزی اور مکتبہ شامل ہیں‘ ان تمام کو شعبہ سمع و بصر کمپیوٹر سے متعلق تمام معاملات میں‘ جن میں خرابی کی درستگی یا نئے آلات کی خریداری شامل ہیں‘ ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں لحاظ سے تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔ تمام شعبہ جات کو networking کے ذریعے آپس میں منسلک کیا گیا اور متعلقہ شعبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت مہیا کی گئی۔

© rasailojaraid

# قرآن کالج لاہور

## 1) نئے داخلے

کالج میں ایف اے‘ ایف اے جنرل سائنس‘ آئی کام اور آئی سی ایس کے داخلے جولائی 2004ء میں شروع ہوئے اور ستمبر میں مکمل ہوئے۔ ان کلاسوں میں طلبہ کی کل تعداد 66 تھی۔ ان میں سے ایف اے آرٹس گروپ میں 28‘ ایف اے جنرل سائنس گروپ میں 07‘ آئی سی ایس میں 12 اور آئی کام میں 19 طلبہ داخل ہوئے۔ بی اے سال اول میں داخلے ستمبر میں شروع ہوئے۔ اس سال بی اے میں داخل ہونے والے طلبہ کی تعداد 09 تھی۔

## 2) بورڈ کے امتحانات

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2004ء میں کالج کی طرف سے 77 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ ان میں سے 65 طلبہ پاس ہوئے۔ اس امتحان میں کالج کے ہونہار طالب علم

© rasailojaraid

حامد سجاد نے آرٹس گروپ میں 828 نمبر لے کر بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی' جبکہ دوسرے ہونہار طالب علم حسین عاکف نے 814 نمبر لے کر قرآن کالج میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس کے علاوہ کالج کے 6 طلبہ نے 700 اور 12 طلبہ نے 600 سے اوپر نمبر حاصل کیے۔ کالج کا مجموعی رزلٹ تقریباً 86 فیصد اور ایف اے فائنل کا رزلٹ 87 فیصد رہا۔

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2005ء میں کالج کی طرف سے 85 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ ان میں سے آئی کام سال اوّل 16' آئی کام سال دوم 20' ایف اے آرٹس سال اوّل 19' ایف اے آرٹس سال دوم 12' آئی سی ایس سال اول 6' آئی سی ایس سال دوم 07' ایف اے جنرل سائنس سال اوّل 03' اور ایف اے جنرل سائنس سال دوم کے 02 طلبہ شریک ہوئے۔

## 3) ماہانہ و دیگر امتحانات

© rasailojaraid

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ امتحانات باقاعدگی سے منعقد ہوئے اور طلبہ کی کارکردگی کی رپورٹ ہر ماہ والدین کو ارسال کی گئی۔

## 4) اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

حسب سابق اس مرتبہ بھی میٹرک سے فارغ طلبہ کے لیے دینی معلوماتی اسلامک جنرل نالج ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس کا دورانیہ تقریباً ایک ماہ تھا۔ یہ ورکشاپ 16 مئی تا 18 جون 2005ء منعقد ہوئی۔ اس میں داخلہ لینے والے طلبہ کی کل تعداد 40 تھی۔ طلبہ نے اس کلاس کو نہایت مفید اور عمدہ قرار دیا۔ ورکشاپ کے اختتام پر ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں پہلی' دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو نقد انعام دیے گئے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ناظم کالج جناب حافظ عاکف سعید صاحب تھے۔

## 5) ٹیچرز ٹریننگ کورس

قرآن کالج کے اساتذہ کی نظریاتی و عملی تربیت کے لیے مورخہ 18 اپریل 2005ء تا 7 مئی 2005ء ٹیچرز ٹریننگ کورس کا آغاز ہوا جس میں بذریعہ ویڈیو مختلف پروگرام دکھائے گئے۔ قرآن میں بیان کردہ سائنسی حقائق پر مبنی سی ڈیز بہت دلچسپی کے ساتھ دیکھی گئیں۔ اس کے علاوہ مہمان مقررین کے لیکچرز بھی اس پروگرام کا حصہ تھے۔ ان مقررین نے مختلف اوقات میں کالج میں تشریف لا کر لیکچرز دیے جو بہت پسند کیے گئے۔ ان مہمان

© rasailojaraid

مقررین میں سرفہرست جناب حافظ عاکف سعید صاحب' بریگیڈیئر غلام مرتضیٰ صاحب اور ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب شامل تھے۔ اس کے علاوہ اساتذہ جو کہ خود بھی اپنی فیلڈ کے ماہر ہیں' نے مختلف موضوعات پر لیکچرز دیے۔ اس سے علم کے میدان میں ہونے والی ہرتازہ ترین پیش رفت کے بارے میں معلومات حاصل ہوئیں۔

## 6) خصوصی تقریب

ماہِ اکتوبر 2004ء میں صدر مؤسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے نئے داخلہ لینے والے طلبہ سے قرآن آڈیٹوریم میں خطاب کیا اور اس موقع پر بورڈ کے امتحان میں کامیاب ہونے والے طلبہ کو انعامات دیے۔

## 7) انگریزی و اردو تقریری مقابلہ

23 [illegible] 2005ء کو انگریزی تقاریر کا مقابلہ ہوا جس کے مہمان خصوصی کالج کے پرنسپل جناب طارق مسعود تھے۔ بعدازاں اوّل' دوم اور سوم پوزیشن لینے والے طلبہ کو انعامات دیے گئے۔

ماہِ مارچ 2005ء میں اردو تقاریر کا مقابلہ ہوا جس میں تقریباً دس طلبہ نے حصہ لیا۔ اس پروگرام کے مہمان خصوصی حافظ عاکف سعید صاحب تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں طلبہ پر زور دیا کہ وہ دینی اور دنیاوی تعلیم حاصل کریں۔ بعدازاں اوّل' دوم اور سوم آنے والے طلبہ کو انعامات دیے گئے۔

## 8) سالانہ سپورٹس

ماہِ مارچ 2005ء میں کالج میں سالانہ سپورٹس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ کھیلیں ایک ہفتہ تک جاری رہیں۔ ان کھیلوں میں کرکٹ' فٹ بال' ٹیبل ٹینس' رسہ کشی' والی بال اور بیڈمنٹن شامل ہیں۔ طلبہ نے ان کھیلوں میں بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔

## 9) رجسٹریشن و لاہور بورڈ سے الحاق

محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن اور لاہور بورڈ سے Affiliation کئی سال قبل ہوئی تھی۔ محکمہ تعلیم سے کالج کی رجسٹریشن 2008ء تک ہے' جبکہ بورڈ کے ساتھ Affiliation میں ہر سیشن کے بعد توسیع کروانا پڑتی ہے اور اس سیشن کی توسیع

© rasailojaraid
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

2006ء تک ہو چکی ہے۔

## 10) کالج لائبریری

قرآن کالج لائبریری میں اس وقت مختلف موضوعات پر کل 2406 کتب موجود ہیں۔ دورانِ سال 87 کتابوں کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 20 کتب بازار سے خریدی گئیں' باقی کتب عطیہ کی صورت میں وصول ہوئیں۔

# قرآن کالج ہاسٹل

## تعارف

قرآن کالج جیسے تعلیمی و تربیتی ادارے میں ہاسٹل کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اس کالج کے طلبہ کی اکثریت ہاسٹل سے تعلق رکھتی ہے' جو ملک کے کونے کونے سے حصولِ علم کے ساتھ ساتھ تربیت کے حصول کے لیے یہاں داخلہ لیتی ہے۔ قرآن کالج ہاسٹل نہ صرف ایک اقامتی ادارہ ہے' بلکہ یہاں اسلامی اصولوں کے تحت طلبہ کی تربیت کا بھی خصوصی انتظام و اہتمام ہوتا ہے اور یہی ہمارے ہاسٹل کی امتیازی شان ہے۔ جہاں تک سہولیات کا تعلق ہے تو اس لحاظ سے بھی ہمارا ہاسٹل جدید ترین ہاسٹلوں سے کسی لحاظ سے کم نہیں ہے۔ ہماری ہاسٹل انتظامیہ کا مرتب کردہ تربیتی نظام طلبہ کی زندگیوں پر گہرے' دیرپا اور دوررس اثرات مرتب کرتا ہے۔ ہاسٹل میں تقریباً 80 طلبہ کی رہائش کی گنجائش ہے' البتہ ہنگامی حالات میں اس گنجائش میں توسیع بھی کی جا سکتی ہے۔

## معمولاتِ ہاسٹل

ہاسٹل میں مقیم طلبہ نیز ہاسٹل کے ملازمین کو نماز پنجگانہ باجماعت کی پابندی کا لازماً اہتمام کرنا ہوتا ہے۔ چنانچہ نماز باجماعت میں ہاسٹل کے جملہ مقیمین کی حاضری یقینی بنانے کی غرض سے چند طلبہ پر مشتمل اقامت صلوٰۃ کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو فجر کی اذان کے ساتھ ہی طلبہ کو جگاتی ہے۔ وضو اور حوائج ضروریہ سے فراغت کے بعد مسجد میں نماز باجماعت کی ادائیگی کے بعد مسجد ہی میں اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤ الدین صاحب تمام طلبہ اور ملازمین کو قرآن مجید کے آخری پاروں میں سے بالترتیب اور تسلسل کے ساتھ

© rasailojaraid.com

تین چار آیات تجوید کے ساتھ پڑھانے کے بعد اس کا ترجمہ پڑھاتے ہیں۔ سابقہ ڈی پی ای محترم زین العابدین کے استعفاء کی وجہ سے مارننگ پی ٹی ای اور انڈور گیمز کے پروگرام فی الحال تعطل کا شکار ہیں۔ نئے ڈی پی ای کی تعیناتی پر ہی یہ پروگرام شروع کیے جا سکیں گے۔ امید ہے کہ یہ تعیناتی جلد از جلد ہو جائے گی۔

کالج ٹائم شروع ہونے سے 45 منٹ قبل طلبہ کو ناشتہ دیا جاتا ہے اور بعد ازاں ہاسٹل وارڈن پورے ہاسٹل کا راؤنڈ لگا کر تمام طلبہ کو کالج بھیج دیتا ہے۔ ظہر کی نماز اور کھانے سے فارغ ہونے کے بعد عصر تک طلبہ فارغ ہوتے ہیں۔ اس دوران طلبہ مختلف مشاغل میں مصروف ہوتے ہیں جن میں مختلف اِنڈور گیمز بھی شامل ہیں۔ نماز عصر باجماعت ادا کرنے کے بعد مغرب تک طلبہ مختلف کھیلوں میں مصروف رہتے ہیں۔ مغرب کی نماز کے بعد عشاء کی اذان تک ہوم ورک کی کلاس کے لیے کالج دوبارہ کھول دیا جاتا ہے۔ نگرانی کے لیے ایک استاد (غفور احمد عوان) موجود ہوتے ہیں' جو نگرانی کے ساتھ ساتھ پڑھائی میں بھی طلبہ کی معاونت کرتے ہیں۔ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کھانا ہوتا ہے' کھانے کے بعد طلبہ کو آدھ گھنٹے کے لیے واک کی اجازت ہوتی ہے۔ بعد ازاں گیٹ بند کر کے تمام طلبہ کلاس روم میں دوبارہ جمع ہو جاتے ہیں اور اسسٹنٹ وارڈن صاحب نماز' روزہ وغیرہ ارکان کی اہمیت پر مشتمل احادیث کا درس دیتے ہیں جس کا دورانیہ 10 سے 15 منٹ ہے۔ بعد ازاں طلبہ اپنے اپنے کمروں میں مطالعہ کرتے ہیں اور ٹھیک رات گیارہ بجے ہاسٹل کی لائٹیں بند کر دی جاتی ہیں۔ اگر کسی طالب علم نے اس کے بعد بھی پڑھنا ہو تو بجائے اپنے کمرے کے' کامن روم میں بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔

یہ رپورٹ میس کا تذکرہ کیے بغیر میرے خیال میں نامکمل ہو گی' اس لیے کہ ہاسٹل کے مختلف عناصر میں سے اس کو ایک اہم ترین عنصر کی حیثیت حاصل ہے۔ چنانچہ ہم نے طلبہ کو متوازن اور ان کا پسندیدہ کھانا مہیا کرنے کی غرض سے مختلف کلاسوں کے طلبہ پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی ہے جس کا کام اپنا پسندیدہ مینو مرتب کر کے ہاسٹل وارڈن کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ مینو کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے بعد بازار سے تھوک کے حساب سے سودا خریدنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ سودے کی خریداری اور حاضری سسٹم کا جائزہ اور اس کی نگرانی کا کام ہاسٹل وارڈن کرتا ہے۔ اس کڑی نگرانی کا نتیجہ یہ ہے کہ اس ہوشربا گرانی کے دور میں بھی طلبہ کے پسندیدہ اور منتخب کردہ مینو کے مطابق تینوں ٹائم معیاری کھانے کے ماہوار چارجز فی کس

© rasailojaraid
© rasailojaraid

1000 سے زیادہ نہیں ہوتے۔

کالج وہاسٹل کی صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ چنانچہ ہاسٹل میں رہائشی گملے اور قرآنی دعاؤں پر مشتمل مختلف سائز کے فریم اور سینریز مختلف جگہوں پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

ہاسٹل میں کامن روم بھی ہمارے ہاسٹل کا ایک اہم حصہ ہے' جہاں طلبہ کے مطالعاتی ذوق کی تسکین کے لیے مختلف رسائل و جرائد کا انتظام ہوتا ہے۔ ہاسٹل میں مانیٹرنگ سسٹم کا بھی انتظام ہے تاکہ طلبہ اپنے معاملات خود حل کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل پراکٹوریل سسٹم بنایا گیا ہے:

(۱) صلوٰۃ کمیٹی (۲) میس کمیٹی (۳) ڈسپلن کمیٹی (۴) کامن روم واخبار کمیٹی

ہاسٹل میں ہفتہ میں ایک دن بروز جمعرات رات گیٹ بند ہونے کے بعد بزمِ ادب کا پروگرام ہوتا ہے' جس میں تلاوتِ قرآن پاک' حمد باری تعالیٰ' نعت رسول ﷺ' کلامِ اقبال' درس قرآن اور تقاریر وغیرہ کا مقابلہ کرایا جاتا ہے۔ گاہے بگاہے شعر و شاعری کا پروگرام بھی منعقد ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.

اتوار کے دن آڈیٹوریم میں درس قرآن مجید ہوتا ہے جس میں تمام طلبہ کی شرکت یقینی بنائی جاتی ہے۔ مزید برآں ہاسٹل میں بھی قرآن مجید کا پندرہ روزہ درس ہوتا ہے۔ اس سال رمضان المبارک میں طلبہ کو باجماعت نماز تراویح پڑھانے کا انتظام قرآن آڈیٹوریم میں کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤ الدین صاحب ہر چار رکعت کے بعد تلاوت شدہ قرآنی آیات کا خلاصہ بیان کریں گے۔ اس پروگرام میں ایف اے سال اول اور بی اے سال اول کے ان طلبہ کی شرکت لازمی قرار دی گئی ہے جنہوں نے ایف اے سال دوم کا امتحان قرآن کالج کے علاوہ کسی اور کالج سے پاس کیا ہو' جبکہ سیکنڈ ایئر اور بی اے فائنل کے طلبہ کو یہ رعایت دی گئی ہے کہ وہ اگر چاہیں تو قرآن اکیڈمی میں بھی تراویح پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کہیں اور یا کسی اور مسجد میں جا کر تراویح پڑھنے کی اجازت ہرگز نہیں ہو گی۔ جو طلبہ قرآن اکیڈمی میں تراویح پڑھنے جائیں گے' ان کی نگرانی کے لیے انہی میں سے کچھ طلبہ کی ڈیوٹی لگائی جائے گی جو ہاسٹل وارڈن کو روزانہ رپورٹ دینے کے پابند ہوں گے۔

© rasailojaraid.

## عمارت

ہاسٹل میں 14 عدد بڑے اور 12 عدد چھوٹے کمرے ہیں۔ بڑے کمروں میں 4 طلبہ کو اور چھوٹے کمروں میں 2 لڑکوں کو رہائش دی جاتی ہے۔لیکن اس سال طلبہ کی کثرت کی وجہ سے بڑے کمروں میں 4 طلبہ کے بجائے 6 طلبہ کوٹھہرایا گیا ہے۔ بڑے کمروں میں سے ایک کمرے کو کامن روم اور ایک کمرے کو سپورٹس روم بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ایک کمرے کو مہمان خانہ بھی بنایا گیا ہے تاکہ وقتاً فوقتاً طلبہ اور ملازمین کے آنے والے عزیزوں کے ٹھہرانے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔اس مقصد کے لیے 4 عدد بیڈ مع بستر کا بھی بندوبست کیا گیا ہے۔ابھی حال ہی میں اس کو رنگ وروغن بھی کیا گیا ہے۔چھوٹے کمروں میں ایک کمرہ ہاسٹل وارڈن‘ ایک لائبریرین اور ایک معاشیات کے استاد غفور احمد اعوان کے زیر استعمال ہے‘ باقی کمرے طلبہ کے زیر استعمال ہیں۔

## اخراجات ہاسٹل

© rasailojaraid.

ہاسٹل میں رہائش کے خواہش مند طلبہ کو مندرجہ ذیل اخراجات ادا کرنا ہوتے ہیں۔

**ڈارمیٹری (فورسیٹر):**

کرایہ 350‘ یوٹیلیٹی چارجز 200 ٹوٹل 550

**بائی سیٹر** : اس میں دوطلبہ کوٹھہرایا جاتا ہے۔اس کا فی کس کرایہ 500 جبکہ یوٹیلیٹی چارجز 200 روپے ہیں۔ اس طرح طالب علم کو اس کمرے میں رہائش کے عوض 700 روپے ادا کرنے ہوتے ہیں۔

مزید برآں ہاسٹل میں داخلہ لیتے وقت ہر طالب علم سے 1500 روپے بطور میس ایڈوانس حاصل کیے جاتے ہیں جو کہ قابل واپسی ہوتے ہیں۔ کھانے کے اخراجات حاضری سسٹم کی بنیاد پر وصول کیے جاتے ہیں۔علاوہ ازیں ہر طالب علم سے ہاسٹل سکیورٹی کی مد میں 250 روپے وصول کیے جاتے ہیں اور وہ بھی قابل واپسی ہوتے ہیں۔

## ہاسٹل سٹاف:

اس وقت ہاسٹل میں درج ذیل سٹاف ہمہ وقت فرائض انجام دے رہا ہے۔

(1) ناظم (2) وارڈن (3) اسسٹنٹ وارڈن (4) ہاسٹل اینڈ میس کلرک (5) باورچی‘ دو (6) خاکروب‘ ایک (7) چوکیدار رقاصد‘ تین (8) مالی‘ ایک۔

© rasailojaraid.

# شعبہ خواتین

## حلقہ خواتین کا دینی و تربیتی کورس

حلقہ خواتین کی جانب سے طالبات اور خواتین کی دینی تربیت کے لیے شارٹ کورس کا آغاز 1995ء میں کیا گیا تھا۔ الحمد للہ اُس وقت سے تاحال ہر سال یہ کورس باقاعدگی سے جاری ہے۔ امسال بھی 20 جون تا 30 جولائی اس کا انعقاد ہوا۔ اس میں 60 سے زائد خواتین اور طالبات نے شرکت کی اور قریباً 40 شریکات نے کورس مکمل کیا۔ اس کورس میں درج ذیل مضامین شامل تھے: ابتدائی عربی گرامر' تجوید' لحن جلی کے قواعد' منتخب احادیث' قرآن حکیم کا منتخب نصاب اور ارکانِ اسلام۔ اس کے علاوہ مختلف دینی موضوعات پر ہر ہفتے ایک لیکچر کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں میت کے غسل اور تجہیز و تکفین سے متعلق معلوماتی لیکچر اور اسے عملی طور پر کر کے دکھایا جانا بھی شامل تھا۔

تمام اساتذہ نے انتہائی محنت اور خلوص کے ساتھ اس کورس میں اپنی خدمات انجام دیں۔ کورس کے اختتام پر تقریب تقسیم اسناد کا اہتمام کیا گیا جس میں طالبات اور اساتذہ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور کورس کے بارے میں رائے دی کہ یہ کورس انتہائی مفید اور معلوماتی ہے جو زندگیوں میں اچھے اثرات اور مثبت تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ آخر میں ناظمہ محترمہ بیگم ڈاکٹر اسرار احمد صاحبہ نے اسناد تقسیم کیں اور دعائے خیر کے ساتھ اختتام ہوا۔

## استقبالِ رمضان المبارک

اس دفعہ استقبالِ رمضان کا بڑا پروگرام یکم اکتوبر کو قرآن آڈیٹوریم میں منعقد ہوا' جس میں خواتین کو رمضان اور روزے کے آداب' دعا کی اہمیت و فضیلت' لیلۃ القدر کی فضیلت اور رمضان اور قرآن وغیرہ سے متعلق معلومات بہم پہنچائی گئیں۔ مزید برآں ''قرآن اور پردہ'' اور ''جہاد کی اہمیت'' پر بھی خطاب ہوئے۔ بانی تنظیم کا خصوصی خطاب ''عورت کی اصل ذمہ داری'' کے عنوان سے ہوا۔ قریباً 800 سے 900 خواتین نے شرکت کی۔ ربیع الاول کے مہینے میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے بھی مختلف مقامات پر بھرپور پروگرام ہوئے' جن میں نبی اکرم ﷺ کا مقصد بعثت' نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں اور ہماری دینی ذمہ داریاں کے موضوعات پر خواتین کو بتایا گیا۔

© rasailojaraid.com

## خواتین کا ماہانہ اجتماع

ہر انگریزی ماہ کے پہلے ہفتے کے روز قرآن اکیڈمی میں یہ اجتماع منعقد ہوتا ہے اور یہ سلسلہ الحمدللہ گزشتہ کئی سال سے بغیر کسی وقفہ کے جاری ہے۔ اس میں خواتین کی معلومات اور تربیت کے لیے درسِ قرآن‘ درس حدیث اور مختلف مواقع کی مناسبت سے موضوعات پر تقاریر کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاس

قرآن اکیڈمی خواتین ہال میں یہ کلاسز ہر ہفتے میں دو دن ہوتی ہیں جن میں ترجمہ قرآن اور تجوید کے علاوہ عربی گرامر اور منتخب نصاب کی کلاسیں بھی ہوتی ہیں۔ ان میں خواتین کافی تعداد میں شرکت کرتی ہیں۔

© rasailojaraid.c

# دورۂ ترجمہ قرآن و جامع القرآن

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد کا نام جامع القرآن ہے۔ محترم صدر مؤسس مرکزی انجمن جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ضرورت کا احساس کرتے ہوئے 1984ء میں ایک نہایت اہم فیصلہ کیا تھا کہ نماز تراویح کے ساتھ ساتھ پڑھے جانے والے قرآن کا ترجمہ اور مختصر تشریح بھی بیان کی جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے 1984ء سے اب تک یہ سلسلہ اس مسجد میں تا حال جاری ہے۔ لوگوں میں اس سلسلہ کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور ہمارے علاوہ بہت سے دوسرے لوگوں نے بھی اس سلسلہ کو اپنا لیا ہے۔ رمضان المبارک 1425ھ کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن کی ذمہ داری ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بڑے صاحبزادے جناب ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے نہایت خوش اسلوبی سے ادا کی۔ اس پورے پروگرام کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی گئی۔ نیز اسے بذریعہ کیبل براہِ راست نشر کیا گیا۔ پہلے دن افتتاحی خطاب محترم ڈاکٹر صاحب نے عظمت قرآن اور سورۂ فاتحہ کے موضوع پر کیا۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے دوران مرد و خواتین کی ایک بڑی تعداد نے اس سے استفادہ کیا‘ جبکہ آخری عشرے میں یہ تعداد تقریباً 450 افراد اور 100 خواتین تک جا پہنچی۔ (رمضان المبارک 1426ھ کے دوران یہ ذمہ داری حافظ عاطف وحید صاحب نے ادا کی جس کا تذکرہ آئندہ رپورٹ میں کیا جائے گا)۔ اس کے علاوہ لاہور میں قریباً آٹھ دس مقامات پر

© rasailojaraid.c

تراویح کے ساتھ یا دن میں دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام منعقد ہوا۔ اس دفعہ قریباً 80 افراد نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ معتکف حضرات کو انجمن اور تنظیم کا لٹریچر مطالعہ کے لیے مہیا کیا گیا۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے اختتام پر محترم صدر مؤسس نے خطاب کیا۔

جامع القرآن میں خطابِ جمعہ کی ذمہ داری ڈاکٹر عارف رشید صاحب ادا کرتے ہیں۔ جمعہ کے اجتماعات میں لوگوں کی کثیر تعداد شریک ہوتی ہے۔ نمازِ فجر کے بعد ہفتہ میں تین دن درس قرآن اور تین دن درسِ حدیث کا پروگرام جاری رہا۔ شادی بیاہ کے ضمن میں اصلاحی تحریک کو اب کافی قبول عام حاصل ہو چکا ہے اور کافی تعداد میں محافل نکاح اس مسجد میں منعقد کی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ مسجد میں ناظرہ کلاس اور حفاظ بچوں کی دہرائی کا بھی بندوبست ہے۔

# صدر مؤسس کا ہفتہ وار درسِ قرآن

© rasailojaraid

قرآن آڈیٹوریم میں صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا درسِ قرآن اتوار کے روز کافی عرصہ سے جاری ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی بیرون شہر مصروفیات کی وجہ سے یہ درس قرآن ہر مہینہ قریباً تین دفعہ منعقد ہوتا ہے اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد نہایت ذوق وشوق کے ساتھ اس سے استفادہ کر رہی ہے۔ مئی 2002ء سے سلسلہ وار درس قرآن کی بجائے دعوتی نقطۂ نگاہ سے مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب کا درس شروع کیا گیا۔ اس ریکارڈنگ کو مختلف چینلز نشر کر رہے ہیں اور اس طرح یہ دعوت لوگوں کی ایک بڑی تعداد تک پہنچ رہی ہے۔ مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے دروس کی تکمیل کے بعد دوبارہ سلسلہ وار درس قرآن کا تسلسل قائم کیا گیا۔ جون 2005ء تک سورۃ النساء زیرِ درس ہے۔

سامعین کی دلچسپی اور ان کے اشکالات دور کرنے کے لیے درس کے بعد آدھ گھنٹہ سوال و جواب کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ قریباً 400 سے 500 حضرات اور 100 سے 150 خواتین اس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔

# ایڈمن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ ایڈمن کے روزمرہ کے معاملات میں سٹاف کی نگرانی، ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری، ڈاک کا باقاعدہ اندراج اور تقسیم، سٹاف کی

© rasailojaraid

حاضریوں اور چھٹیوں کا ریکارڈ رکھنا‘ مختلف نوع کے آفس آرڈرز‘ نوٹس اور میموز کا اجراء اور ریکارڈ مرتب کرنا‘ قرآن اکیڈمی ہاسٹل‘ میس اور مسجد کے انتظامات کی نگرانی‘ دروس و خطابات اور مختلف پروگرامز کے انتظامی معاملات کی نگرانی کرنا اور ارکان انجمن کے ساتھ رابطہ رکھنا شامل ہیں۔ ایڈمن کے بڑھتے ہوئے کام کے پیش نظر مدیر مکتبہ نعیم الدین صاحب کو بطور ایڈمن آفیسر اضافی ذمہ داری تفویض کی گئی۔ دوران سال ایڈمن نے اپنی معمول کی ذمہ داریاں عمدگی سے ادا کیں۔ حسب ضرورت سرکاری دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔

# اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

شعبہ اکاؤنٹس اور کیش نے نہایت مختصر سٹاف کے باوجود اپنی معمول کی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کیں۔ سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کیے گئے اور خارجی محاسب‘ رحمان سرفراز اینڈ کمپنی کو آڈٹ کے لیے پیش کیے گئے۔ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی اعزازی خدمات مرکزی انجمن کو شروع ہی سے حاصل ہیں۔ یہ کمپنی مرکزی انجمن کے سالانہ اکاؤنٹس کو چیک کر کے آڈٹ رپورٹ مرتب کرتی ہے اور بعد ازاں ہمارے اکاؤنٹس کو (آڈٹ رپورٹ کے ہمراہ) CBR سے منظوری کے لیے محکمہ انکم ٹیکس میں submit کراتی ہے۔ مرکزی انجمن‘ کمپنی کی ان اعزازی خدمات کے لیے میر عبدالرحمٰن صاحب کی بے حد ممنون ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم میر صاحب کو بہترین اجر سے نوازے‘ آمین۔

مرکزی انجمن کے چیف اکاؤنٹنٹ جناب محمد یونس صاحب نے اس سال فریضۂ حج کی ادائیگی کی سعادت حاصل کی۔ حج سے واپسی پر موصوف نے اپنی خدمات اعزازی طور پر مرکزی انجمن کے لیے وقف کرنے کا فیصلہ کیا۔ مرکزی انجمن کے لیے ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان خدمات کا بہترین اجر عطا فرمائے اور انہیں صحت و عافیت کے ساتھ سلامت رکھے۔

مرکزی انجمن کو داخلی محاسب کے طور پر چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کی اعزازی خدمات حاصل ہیں۔ محترم بٹر صاحب نہ صرف سال بھر اکاؤنٹس اور سٹاک رجسٹرز کو چیک کرتے ہیں‘ بلکہ ہر تین ماہ بعد کتب و کیسٹس کے سٹاک اور دیگر اثاثہ جات کو بھی چیک کرتے ہیں۔ مرکزی انجمن کی انتظامیہ موصوف کی ان خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم بٹر صاحب کو بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین!

© rasailojaraid

# بیلنس شیٹ برائے سال 2005-2004ء

## Balance Sheet as on 30-06-2005

| Liabilities | | Assets | |
|---|---|---|---|
| 3,644,000 | فکسڈ فنڈ موسسین، محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 33,819,073 | مستقل اثاثہ جات و سرمایہ کاری |
| | | 5,212,883 | مکتبہ مرکزی انجمن |
| 29,000,000 | فکسڈ اثاثہ جات فنڈ | | اسٹاک وسٹورز |
| 42,145 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 310,895 | پیشگی رقوم و دیگر واجب الوصول رقم |
| 25,087 | دیگر فنڈ | | |
| 126,125 | سکیورٹی ڈیپازٹ | | |
| 30,000 | قابل ادائیگی اخراجات | 8342 | بینک میں موجودہ رقم |
| 6,484,198 | میزان کل آمدن منہا اخراجات 30/ جون 2005ء | 362 | امپریسٹ فنڈ |
| 39,351,555 | | 39,351,555 | |

© rasailojaraid.c

# Income and Expenditure

A/C for the year ended 30-06-2005

| رقم | اخراجات | رقم | آمدن |
|---|---|---|---|
| 1,007,237 | قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس (اخراجات منہا آمدن) | 1,022,100 | ماہانہ اعانت |
| 118,777 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 8,148,989 | خصوصی دیگر اعانت |
| 1,454,372 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 108,894 | خط وکتابت ودیگر کورسز فیس |
| 10,285 | محاضرات قرآنی | | |
| 20,948 | نقد امداد | 1488,107 | دیگر آمدنی |
| 301,719 | دعوت وتبلیغ پبلسٹی | | |
| 489,428 | مساجد | | |
| 315024 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل ومیس | | |
| 1,623,965 | اسٹاف تنخواہ | | |
| 394,326 | ٹیلی فون فیکس، بجلی، پانی وگیس بل | | |
| 257,153 | آڈیٹوریم | | |
| 48,404 | اولڈ ایج بینیفٹ | | |
| 594,532 | مرمت اور مینٹیننس | | |
| 282311 | خط وکتابت ودیگر کورسز | | |
| 489859 | شعبہ تحقیق اسلامی وتربیت | | |
| 156,646 | لائبریری | | |
| 229,375 | گاڑیوں کے اخراجات | | |
| 410,337 | دیگر اخراجات | | |
| 2563,392 | آمدنی منہا اخراجات | | |
| 10768090 | | 10,768,090 | |

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## Shedule of Fixed Assets as at 30th June, 2005

| Total | Amount | Particulars of Land & Buildings |
|---|---|---|
| | 4,781,470 | قرآن اکیڈمی |
| | 10,956,607 | قرآن آڈیٹوریم و کالج مع ہاسٹل |
| | 679,401 | جامع مسجد و مکتب واٹن |
| | 80,000 | جامع مسجد الہدیٰ راولپنڈی |
| | 1,000,000 | لینڈ کوئٹہ |
| | 31,000 | لینڈ سرگودھا |
| | 510,000 | لینڈ شیخوپورہ |
| | 1,834,700 | جامع مسجد بنت کعبہ سمن آباد |
| 20,040,678 | 167,500 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | | **Other Assets** |
| | 6,714,075 | قرآن اکیڈمی |
| | 130,896 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل |
| | 4750 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | 895,068 | قرآن کالج |
| | 427,774 | قرآن کالج ہاسٹل اینڈ میس |
| | 476,630 | قرآن آڈیٹوریم |
| 8,679,831 | 30,638 | جامع مسجد و مکتب واٹن |
| 28,720,509 | | کل رقم = |

© rasailojaraid.c

# منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ

## انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

## دعوت و تبلیغ

**1) دورۂ ترجمۂ قرآن**

انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ ایک منفرد اور اپنی مثال آپ کاوش ہے۔ الحمدللہ! کراچی میں یہ سلسلہ گزشتہ پندرہ سالوں سے باقاعدگی سے جاری ہے اور اس سے استفادہ کرنے والے حضرات و خواتین کی تعداد میں سال بہ سال اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ اس سال شہرِ کراچی میں 14 مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے :

| | مقام | مدرس |
|---|---|---|
| 1- | قرآن اکیڈمی، ڈیفنس | انجینئر نوید احمد |
| 2- | شمیم گارڈن (یاسین آباد) | عمران لطیف صاحب |
| 3- | گلستان انیس کلب | عامر خان صاحب |
| 4- | نوبل پوائنٹ، نارتھ ناظم آباد | فریس احمد مسعود صاحب |
| 5- | فاران کلب، انٹرنیشنل | شجاع الدین شیخ صاحب |
| 6- | قرآن مرکز، کورنگی | انجینئر نعمان اختر صاحب |
| 7- | بسم اللہ ہلز، گلستانِ جوہر | طاہر عبداللہ صدیقی صاحب |
| 8- | کہف ماڈل اسکول، ملیر | اعجاز لطیف صاحب |
| 9- | قرآن سینٹر، ڈیفنس | فیصل منظور صاحب |

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

| | |
|---|---|
| 10- قرآن مرکز، لانڈھی | ریاض الاسلام فاروقی صاحب |
| 11- دفتر تنظیم اسلامی، آرام باغ | عثمان کاظمی / زبیر اقبال صاحبان |
| 12- E-3، بلاک 4-، گلشن اقبال | محمد سلیم الدین صاحب |
| 13- فور سیزنز لان، شارع فیصل | ڈاکٹر محمد الیاس صاحب |
| 14- 11/6، پاک کالونی | محمد رضوان / محمد نعمان صاحبان |

## 2) حلقہ ہائے دروسِ قرآن / خطابات

| مقام | دن / وقت |
|---|---|
| مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس فیز VI | بدھ بعد نمازِ عشاء |
| مسجد نبوی ہاؤسنگ اسکیم، عقب مڈ ایسٹ ہسپتال، کلفٹن | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| مکان M-1/1، بلاک 6، PECHS | اتوار نمازِ فجر کے ایک گھنٹے بعد |
| آنکس لیبارٹریز PECHS سوسائٹی | جمعہ 3:00 بجے دن |
| حق چیمبر، بالمقابل بسم اللہ تقی ہسپتال، کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی | جمعہ 9:00 بجے شب |
| گلستان انیس کلب، نزد ہل پارک چورنگی، شہید ملت روڈ | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| نوبل پوائنٹ شادی ہال، نارتھ ناظم آباد | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| مادام اپارٹمنٹ، بالمقابل زین کلینک، چھوٹا گیٹ، ایئرپورٹ، کراچی | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| ہل ٹاپ لان، گلستان جوہر، بلاک-16 | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| PIB لان، PIB کالونی، بس روٹ نمبر 8 کا آخری اسٹاپ | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| ڈیفنس، قرآن اکیڈمی، خیابان راحت، درخشاں، ڈیفنس فیز 6 | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| مسجد عثمان، متصل فاران کلب انٹرنیشنل | پیر بعد نمازِ مغرب |
| ظفر اسکوائر نزد مدینہ مسجد گلی نمبر 4، برنس روڈ | جمعہ بعد نمازِ عشاء |

# تعلیم و تربیت

## 1) ایک سالہ قرآن فہمی کورس

بحمد اللہ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے بعد اس کے زیر اہتمام ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا تسلسل کے ساتھ انعقاد

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

ہورہا ہے۔ اب تک 10 کورسز مکمل ہو چکے ہیں جن سے 225 سے زائد حضرات وخواتین استفادہ کر چکے ہیں‘ جن میں سے 45 حضرات وخواتین شہرِ کراچی کے مختلف مقامات پر دورہ ہائے ترجمہ قرآن کرنے‘ دروس قرآن دینے اور عربی گرامر کی تدریس کی خدمت بجالانے میں مصروف ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ! انجمن کے تحت گیارہواں ایک سالہ قرآن فہمی کورس جاری ہے۔ 40 حضرات وخواتین اس کورس میں باقاعدگی سے شرکت کررہے ہیں۔ آئندہ کورس 28 نومبر 2005ء سے شروع کرنے کا ارادہ ہے۔

## 2) عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاسز

گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی ’’عربی گرامر برائے قرآن فہمی کورس‘‘ 15 مقامات پر منعقد کیا گیا‘ جن میں ’’عربی گرامر برائے قرآن فہمی‘‘ کتاب پڑھائی گئی۔ ابتدا میں اِس کتاب میں عربی گرامر قواعد کے اطلاق کے لیے قرآن کریم سے سات سورتوں کا انتخاب کیا گیا تھا۔ اس سال اس میں 12 سورتوں کا اضافہ کیا گیا۔ ان سورتوں میں القیامہ‘ الفاتحہ‘ الفیل‘ القریش‘ الماعون‘ الکوثر‘ الکافرون‘ النصر‘ اللھب‘ الاخلاص‘ الفلق اور الناس شامل ہیں۔ ان سورتوں کے انتخاب کی حکمت یہ ہے کہ شرکاء قواعد کے اطلاق کے ساتھ ساتھ ان سورتوں کے مفہوم سے بھی واقف ہو جائیں جو کہ عموماً نمازوں میں پڑھی جاتی ہیں۔ ان کلاسز سے مجموعی طور پر تقریباً 60 حضرات نے استفادہ کیا۔ یہ کلاسز ہفتہ میں تین دن منعقد ہورہی ہیں۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی ڈیفنس اور حق اسکوائر گلشن اقبال میں ہفتہ وار عربی گرامر کلاسز کا انعقاد ہوا۔

## 3) مدرسۃ البنین

مدرسۃ البنین میں بچوں کو ناظرہ قرآنِ حکیم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بنیادی دینی تعلیمات بھی سکھائی جاتی ہیں جن کا تعلق طہارت‘ نماز‘ معمولاتِ زندگی اور اخلاقیات و آداب سے ہے۔ بحمداللہ اس وقت مدرسے میں 30 طلبہ (9 شعبۂ قاعدہ اور 21 شعبۂ ناظرہ میں) باقاعدگی سے تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ ششماہی امتحان برائے سال 2005ء کا انعقاد مئی 2005ء میں ہوا۔ نتیجہ 65 فی صد رہا۔

## 4) سمر کورس

اس سال Islamic Day Camp کے نام سے موسم گرما کی تعطیلات میں

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

سمر کورس کا انعقاد کیا گیا جو 5 ہفتوں پر مشتمل تھا۔ اس کورس کی تشہیر کے لیے اِس بار بزبانِ انگریزی بروشر تیار کیا گیا جس میں بڑے مؤثر انداز سے کورس کا تعارف کرایا گیا۔ تشہیر کی اِس صورت کا بہت عمدہ response ملا اور 127 طلبہ نے اِس کورس میں داخلہ لیا۔ طلبہ کو اُن کی عمر کے اعتبار سے چار گروپس (A,B,C&D) میں تقسیم کیا گیا۔ چھوٹے بچوں کی دلچسپی کے لیے اُن کی عمر کی مناسبت سے کچھ Extra-Curricular Activites کا اہتمام کیا گیا جس میں Quiz Team 'Word Scramble' Box Games وغیرہ شامل تھے۔ باقی گروپس کے لیے بھی پروگرامز کو دلچسپ بنانے کے لیے ملٹی میڈیا پروجیکٹر کا استعمال کیا گیا۔

کورس کے شرکاء کو قرآن فہمی کے لیے بنیادی عربی گرامر' احادیث' سیرۃ النبیؐ ' آدابِ زندگی' تجوید کے بنیادی قواعد' نماز مع ترجمہ' نماز کے مسائل اور اخلاقیات کے مضامین کی تعلیم دی گئی۔ اس کے علاوہ کچھ اسپیشل لیکچرز کا بھی اہتمام کیا گیا' جس میں اسلامک ویب سائٹس' اسلام اور صحت' ٹائم مینجمنٹ' فرسٹ ایڈ ٹریننگ' دعوت و تبلیغ کی تربیت اور طریقِ کار کا تعارف' ایمان اور اسلام میں فرق اور علامہ اقبال کی کچھ نظمیں شامل تھیں۔ کورس کے دوران دو Field Trips بھی رکھے گئے' جن میں سے ایک انگلش بسکٹ فیکٹری کا اور دوسرا قاسم ٹیکسٹائل مل کا تھا۔ 127 میں سے 90 طلبہ نے کامیابی سے اس کورس کی تکمیل کی۔ مورخہ 14 اگست کو صدرِ انجمن نے کامیاب طلبہ میں اسناد تقسیم کیں۔

## 5) ماہانہ تربیتی پروگرام

حسبِ سابق اس سال بھی ماہانہ شب بیداری کا دوروزہ تربیتی پروگرام منعقد ہوتا رہا۔ اس سال یہ پروگرام شمسی ماہ کے ہر تیسرے ہفتہ کے بجائے دوسرے ہفتہ کو منعقد کیا گیا اور اس کا مقام بھی قرآن اکیڈمی ڈیفنس سے قرآن اکیڈمی یاسین آباد منتقل کر دیا گیا۔ یہ پروگرام ہفتہ کے روز 9:30 بجے شب سے شروع ہو کر اگلے روز دوپہر 11 بجے تک جاری رہتا ہے۔ اس پروگرام میں درج ذیل عنوانات کے تحت خطابات و دروس کا سلسلہ جاری رہتا ہے:

| | |
|---|---|
| ☆ مطالعۂ لٹریچر | ☆ حاصل مطالعہ |
| ☆ مطالعۂ حدیث | ☆ تذکیر بالقرآن |

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

☆ منتخب نصابِ قرآنی ☆ تذکیری گفتگو

منتخب نصابِ قرآنی کے اسباق کی تدریس کے فرائض انجینئر نوید احمد صاحب اور شجاع الدین شیخ صاحب ادا کرتے ہیں۔ اب تک منتخب نصابِ قرآنی کے پانچ حصوں کے اسباق کے دروس مکمل ہو چکے ہیں۔ تذکیر بالقرآن' مطالعۂ حدیث اور تذکیری گفتگو کے پروگراموں کے مقررین کی ذمہ داریاں مختلف رفقاء انجام دیتے ہیں۔

## 6) سالانہ ہفت روزہ تربیت گاہ

اس سال اس تربیت گاہ کا انعقاد دو مرتبہ کیا گیا۔ اولاً یہ تربیت گاہ جنوری 2005ء میں منعقد کی گئی جس میں 43 حضرات نے شرکت کی۔ دوسری بار اس تربیت گاہ کا انعقاد جولائی 2005ء میں ہوا اور شرکاء کی تعداد 159 رہی۔ اِس تربیت گاہ کا مقصد شرکاء کو بحیثیت مسلمان اُن کی دینی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا اور اُنہیں اُن ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ تربیت گاہ میں عقائد' عبادات' رسومات اور مختلف انفرادی و اجتماعی امورِ زندگی اور فرائض دینی کے لیے دینی تعلیمات کو واضح کرنے کے لیے مختلف لیکچرز رکھے جاتے ہیں۔ تدریس کے لیے جناب حافظ عاکف سعید صاحب' جناب اظہر بختیار خلجی صاحب اور جناب شاہد اسلم صاحب لاہور سے تشریف لائے اور کراچی سے انجینئر نوید احمد صاحب' شجاع الدین شیخ صاحب' ڈاکٹر محمد الیاس صاحب' فریس احمد مسعود صاحب' انجینئر نعمان اختر صاحب اور راقم نے مدرسین کے فرائض انجام دیے۔

## 7) دو روزہ تربیت گاہ برائے مدرسین

22-23 ستمبر 2005ء کو قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں مدرسین کے لیے دو روزہ تربیت گاہ کا انعقاد کیا گیا۔ تربیت گاہ کا مقصد مدرسین کو رمضان المبارک کے دوران نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کی ذمہ داری کے لیے تیار کرنا تھا۔ اس تربیت گاہ میں حسبِ ذیل نکات زیرِ بحث آئے:

1) تلاوت کے اعتبار سے مشکل مقامات 2) مناسب متن کی تلاوت
3) ترجمہ کے اعتبار سے مشکل مقامات 4) ترجمہ کے اعتبار سے نازک مقامات
5) ترجمہ میں سہولت کے لیے محذوفات 6) ترجمہ کے دوران لہجہ کے اعتبار سے اہم مقامات
7) تفسیر کے اعتبار سے مشکل مقامات 8) اشکالات کے حوالے سے اہم مقامات

© rasailojaraid.

9) تفسیر بالقرآن
10) تفسیر بالحدیث
11) تفسیر کے ضمن میں موزوں اشعار
12) تحریکی فکر کے اعتبار سے اہم مقامات
13) آیات کے جوابات یا دعا
14) کتب یا کیسٹس کے حوالہ جات

اِس تربیت گاہ میں مدرسین کے علاوہ ایک سالہ قرآن فہمی کورس کے طلبہ و طالبات نے بھی شرکت کی۔ شرکاء کی کل تعداد 30 تھی۔ تدریس کے فرائض جناب حافظ عاکف سعید صاحب' جناب انجینئر نوید احمد صاحب' جناب شجاع الدین شیخ صاحب' ڈاکٹر محمد الیاس صاحب' حافظ محمد عمر صاحب اور انجینئر نعمان اختر صاحب نے انجام دیئے۔ تربیت گاہ کے دوران محترم جناب حافظ عاکف سعید صاحب نے شرکاء کو دروس کے حوالے سے اہم اخلاقی و علمی ہدایات دیں۔

## Basic Themes of Islam (8

22 جون سے 7 ستمبر 2005ء "Basic Themes of Islam" کے نام سے جدید تعلیم یافتہ حضرات وخواتین کے لیے بارہ ہفتہ پر محیط ایک شارٹ کورس منعقد کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد مختصر وقت میں ان حضرات وخواتین تک دین کا پیغام پہنچانا تھا جو کہ اپنی کاروباری یا دیگر مصروفیات کی وجہ سے باقاعدہ دینی تعلیمات کے حصول کے لیے وقت نکالنے سے قاصر تھے۔ داخلہ لینے والے شرکاء کا انٹرویو لیا گیا۔ شرکاء کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کورس کو دو کلاسوں میں تقسیم کیا گیا جس میں سے ایک بدھ کے دن جبکہ دوسری ہفتے کے دن منعقد کی گئی۔ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے تمام لیکچرز کو نہایت احسن انداز میں پیش کیا۔ کورس کے شرکاء کو تمام لیکچرز کے نوٹس فراہم کیے گئے۔ تمام لیکچرز ملٹی میڈیا پروجیکٹر کے ذریعے پیش کیے گئے۔ ہر لیکچر کے اختتام پر شرکاء کے مختلف گروپس کے درمیان موضوع سے متعلق Discussion کا اہتمام کیا گیا اور سوال وجواب کی نشست رکھی گئی۔ اس کے علاوہ ہر لیکچر کے اختتام پر شرکاء کو Home Assignment دی جاتی۔ کورس کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس کی تقسیم کے لیے 14 ستمبر 2005ء کو ایک تقریب منعقد کی گئی۔ صدر انجمن نے سرٹیفکیٹس اور کتابوں کے تحائف تقسیم کیے۔ اپنے تاثرات میں شرکاء نے کورس کے کامیاب انعقاد پر مبارک باد پیش کی اور اسے بہت سراہا اور امید ظاہر کی کہ ان شاء اللہ آئندہ بھی اِس طرح کے کورسز منعقد کیے جاتے رہیں گے۔

© rasailojaraid
© rasailojaraid

## 9) اعتکاف

ہر سال کی طرح اس سال بھی رمضان المبارک میں نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن میں شرکت کے خواہشمند رفقاء واحباب نے مسجد جامع القرآن میں اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ اس سال معتکفین کی تعداد 116 تھی۔ معتکفین کے لیے روزانہ بعد نمازِ ظہر مختلف دینی موضوعات پر لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔ یہ لیکچرز انجینئر نوید احمد صاحب اور شجاع الدین شیخ صاحب نے دیے۔ اس سال فاران کلب میں دورۂ ترجمہ قرآن میں شرکت کرنے والے رفقاء واحباب کے لیے مسجدِ عثمان میں اعتکاف کا اہتمام کیا گیا جہاں پر معتکفین کی تعداد 30 رہی۔ یہاں پر بھی معتکفین کے لیے نمازِ ظہر کے بعد مختلف دینی موضوعات پر دروس کا اہتمام کیا گیا۔ تدریس کے فرائض شجاع الدین شیخ صاحب اور ڈاکٹر الیاس صاحب نے ادا کیے۔

© rasailojaraid.c

# شعبۂ خواتین

## 1) قرآن فہمی کورس

ڈیڑھ سالہ قرآن فہمی کورس 3 جنوری 2005ء کو شروع ہوا اور ابھی جاری ہے۔ اس کورس کے اوقات صبح 9 بجے سے 12:30 تک ہیں۔ تمام معلمات تدریس کے فرائض بہت محنت سے انجام دے رہی ہیں۔ کورس میں 30 خواتین شریک ہیں۔ کورس میں ترجمہ و تفسیرِ قرآن کے علاوہ عربی گرامر، تجوید و ناظرہ، سیرت النبی ﷺ، نماز، زکوٰۃ، طہارت، حج کے مسائل، سنت کی اہمیت اور دینی و تحریکی لٹریچر کی تدریس کی جا رہی ہے۔

## 2) دورۂ ترجمۂ قرآن

رمضان المبارک کے دوران صبح 10 تا 12:30 دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد کیا گیا۔ محترمہ بنت اعوان صاحبہ نے معلمہ کے فرائض انجام دیے۔ خواتین کی بڑی تعداد اس پروگرام میں شریک ہوئی۔ خواتین میں دینی شعور بیدار کرنے اور اپنی زندگیوں کو اللہ کے احکامات کے مطابق ڈھالنے کے لیے یہ دورۂ ترجمۂ قرآن اہم کردار ادا کرتا ہے۔

## 3) ماہانہ دروس

ماہانہ درسِ قرآن ہر ماہ کی آخری جمعرات کو دوپہر 3:30 تا 5:30 بجے منعقد ہوتا

© rasailojaraid.c

ہے۔ درس میں اُن خواتین کو شرکت کی خصوصی دعوت دی جاتی ہے جن کے بچے اور بچیاں مدرسۃ البنات میں زیرِ تعلیم ہیں۔ اِس درس کے ذریعے خواتین میں دینی شعور پیدا ہوتا ہے اور اُن پر قرآن کی انقلابی فکر واضح ہوتی ہے۔ ''قربِ الٰہی کے دو مراتب'' کے موضوع پر درس تین نشستوں میں مکمل ہوا۔ اس کے علاوہ جلسہ ہائے سیرت النبی ﷺ کے سلسلے ماہ جنوری تا مئی 2005ء جاری رہے۔ ایک لیکچر ''فتنہ انکارِ حدیث'' کے عنوان سے بھی منعقد کیا گیا۔

## 4) مدرسۃ البنات

مدرسۃ البنات کے تحت ناظرہ قرآنِ مجید، عربی گرامر، ترجمہ وتفسیر اور منتخب نصابِ قرآنی کی کلاسز جاری ہیں۔ ماہ جون کی چھٹیوں کے بعد مدرسہ میں دس سال سے زائد عمر کی لڑکیوں کی الگ کلاس شروع کی گئی۔ اِس کلاس میں 4 دن ناظرہ اور ایک دن قرآنِ پاک کا ترجمہ اور تفسیر پڑھائی جاتی ہے۔ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے برکت دی اور 52 بچیاں شوق سے آتی، پڑھتی اور یاد کرتی ہیں۔

# تصنیف وتالیف

تصنیف وتالیف کے حوالے سے قابلِ ذکر امور حسبِ ذیل ہیں :

i) منتخب نصاب حصہ پنجم کے نکات برائے درس وتدریس کتابی صورت میں شائع کیے گئے۔

ii) ''سود۔ حرمت، خباثتیں، اشکالات'' کے عنوان سے ایک مختصر لیکن نہایت جامع اور مفید کتاب کا انگریزی ترجمہ بنام "The Curse of Interest" شائع کی گئی۔ مترجم کے فرائض کراچی یونیورسٹی شعبہ انگریزی کے لیکچرر جناب طیّب زیدی صاحب نے انجام دیے۔ ترجمہ پر نظرِ ثانی محترم جناب ڈاکٹر ابصار احمد صاحب نے کی ہے۔

iii) ''عربی گرامر برائے قرآن فہمی'' کے عنوان سے جو کتاب پچھلے سال متعارف کرائی گئی تھی، جس میں عربی گرامر کے قواعد کا خلاصہ اور منتخب نصابِ قرآنی سے سات سورتیں شامل کی گئی تھیں، اس سال ان میں 12 سورتوں کا اضافہ کیا گیا۔

iv) قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب میں شامل سورۃ التحریم، سورۃ بنی اسرائیل رکوع 3 تا 4، سورۃ الحجرات، سورۃ الحج، سورۃ التوبہ آیت 24 سورۃ الصف، سورۃ الجمعہ اور حقیقتِ صبر کے دروس کو کتابچوں کی صورت میں شائع کیا گیا۔ اس کے علاوہ نگران انجمن کے

© rasailojaraid.com

خطابات پر مشتمل اہم کتاب ''مطالباتِ دین'' کے عام فہم انداز میں خلاصہ پر مبنی کتاب ''قرآن ہم سے کیا چاہتا ہے؟'' کا دوسرا ایڈیشن اور ''آسان عربی گرامر حصہ چہارم'' کا نیا ایڈیشن نظرثانی کے بعد شائع کیا گیا۔

# شعبۂ سمع و بصر

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ایسے دینی پروگرامز کی تیاری کے لیے جو انٹرنیشنل ڈیجیٹل میڈیا کے معیار کے مطابق ہوں' بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ اِس سلسلے میں آڈیو' ویڈیو ریکارڈنگ کے لیے اسٹوڈیو کی تعمیر کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ مسجد جامع القرآن میں ریکارڈ ہونے والے خطابِ جمعہ کی آڈیو/ویڈیو کوالٹی میں بہتری لانے کے لیے ماہرین کے مفید [illegible] کی محراب میں دس فٹ اونچے دبیز کپڑوں کے پردے لگائے گئے اور ایک عدد اسپلٹ ایئر کنڈیشن کی تنصیب کی گئی۔ اکیڈمی ہال میں خواتین کی سہولت کے لیے بورڈ کو فوکس کرنے کے لیے ایک عدد ہینڈی کیم کیمرہ' ملٹی میڈیا پروجیکٹر اور اسکرین کی تنصیب ہوئی۔ اب دورانِ کلاس شریک خواتین بھی ملٹی میڈیا کے ذریعہ بورڈ پر تحریر شدہ عبارت کو واضح طور پر اسکرین پر پڑھ سکتی ہیں۔ خواتین سیکشن میں آڈیو ریکارڈنگ کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے آڈیو ایڈیٹنگ یونٹ لگایا گیا۔ ایک صاحبِ خیر نے شعبہ میں سی ڈی ریکارڈنگ کے لیے ایک عدد سی ڈی رائٹر شعبہ کو عطیہ کیا ہے۔ اب سی ڈیز شعبہ میں ہی تیار کی جارہی ہیں۔ DVDs کی بڑھتی ہوئی ڈیمانڈ کو پورا کرنے کے لیے اس سال شعبہ میں DVDs کی ریکارڈنگ بھی شروع کی گئی ہے۔ اس کے لیے ایک عدد DVD رائٹر (1+8) خریدا گیا ہے۔ آسان عربی گرامر کی چار کتابوں کی تدریس کی ریکارڈنگ 28 ویڈیو کیسٹس اور 84 عدد VCDs پر مشتمل ہے۔ اِس سال اِس ریکارڈنگ کو DVDs پر بھی منتقل کر دیا گیا۔ یہ ریکارڈنگ 17 عدد DVDs پر مشتمل ہے۔ دورانِ سال آڈیو' ویڈیو کیسٹس' سی ڈیز اور ڈی وی ڈیز کی ریکارڈنگز کی تعداد اِس طرح رہی :

| | سال 2003-2004 | سال 2004-2005ء |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 62,963 | 58,895 |
| ویڈیو کیسٹس | 1,356 | 598 |

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| CDs | 5,754 | 13000 |
| DVDs | - | 15400 |

# آئی ٹی سیکشن

اس سال شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تحت قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ کے Server Domain کو shift کیا گیا۔ موجودہ Domain کا hosting package کافی تسلی بخش ہے اور ساتھ ہی اس کی cost بھی کم ہے۔ انٹرنیٹ سروس 128 biz کے بجائے 128 home لے لی گئی ہے جس کی وجہ سے ماہانہ 2925 روپے کی بچت ہو رہی ہے اور سروس بھی تسلی بخش ہے۔ ''Quran Media Player'' کے نام سے ایک سوفٹ ویئر متعارف کرایا گیا۔ اس سوفٹ ویئر میں قرآن مجید کی کسی بھی آیت، سورۃ یا موضوع پر ڈاکٹر اسرار احمد صاحب، حافظ عاکف سعید صاحب اور انجینئر نوید احمد صاحب کی بیان کردہ تشریح سنی جا سکتی ہے۔ مختلف شعبہ جات کے Data کو کسی بھی قسم کے نقصان سے بچانے کے لیے روزانہ Backup لینے کا سلسلہ جاری رہا۔ ویب سائٹ کے News Section کو وقفے وقفے سے update کیا جاتا ہے۔ درج ذیل VHS کیسٹس کو Computer Format میں convert کیا گیا:

i) قرآن اور جہاد (2 Cassettes)

ii) اسلام کی نشاۃِ ثانیہ: کرنے کا اصل کام (3 Cassettes)

iii) نظریاتی ریفریشر کورس (15 Cassettes)

# مکتبہ

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ سے استفادہ کی صورتِ حال ہر سال بہتر ہوتی جا رہی ہے۔ مکتبہ کے اوقاتِ کار صبح 9:00 تا شام 6:00 بجے ہیں۔ البتہ خصوصی پروگراموں کے دوران یہ رات گئے تک خدمات انجام دیتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کے علاوہ شہرِ کراچی میں انجمن کے تحت دیگر دعوتی پروگراموں میں مکتبہ کی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار اس طرح ہیں:

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

| | 2003-2004<br>(روپے) | 2004-2005<br>(روپے) |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 5,65,219/- | 6,43,271/- |
| ویڈیو کیسٹس | 148,614/- | 68,035/- |
| CDs | 8,62,294/- | 15,61,472/- |
| کتب | 9,51,136 | 13,21,827/- |
| کل میزان: | 25,27,263/- | 35,94,605/- |

**کیسٹ کلب**

© rasailojaraid.com

انجمن خدام القرآن سندھ ہر ہفتے (Weekly) مسجد دار السلام باغ جناح لاہور میں ہونے والے خطاب جمعہ کا کیسٹ 'کیسٹ کلب' کے ممبران کے گھر/آفس تک پہنچانے کا انتظام کرتی ہے۔ اس کے لیے سالانہ رعایتی ممبر شپ فیس -/500 روپے ہے۔ الحمدللہ کیسٹ کلب کے ممبران کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اس وقت کیسٹ کلب کے ممبران 322 ہیں۔

# ذیلی مراکز

## 1) قرآن مرکز کورنگی

قرآن مرکز کورنگی 1995ء سے تعلیمی و تدریسی خدمات انجام دے رہا ہے۔ تجوید، ناظرہ قرآن حکیم اور عربی گرامر کے حوالے سے اس مرکز کا تعارف ایک قابلِ اعتماد ادارے کی حیثیت سے بڑھ رہا ہے۔ اس مرکز کی تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کا مختصر جائزہ کچھ اس طرح ہے:

○ **شعبۂ حضرات**: قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لیے 3 کلاسز میں 87 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ شعبۂ تعلیم و تربیت میں طلبہ کی تعداد 22 ہے۔ حفظ کی کلاس میں طلبہ کی تعداد 22 ہے۔ ہفتہ وار درسِ قرآن جمعرات بعد نماز عشاء ہوتا ہے جس میں تقریباً 60 حضرات شریک ہوتے ہیں۔ ہر ماہ کے تیسرے اتوار کو بعد نمازِ عشاء تفہیم دین کے عنوان سے مختلف موضوعات پر دروس و لیکچرز کا انعقاد ہوتا ہے۔ اس پروگرام میں اوسطاً 70 حضرات و خواتین شریک

© rasailojaraid.com

ہوتے ہیں۔ اِس سال عربی گرامر کی کلاس میں 20 حضرات نے شرکت کی۔ ہر ماہ کے چوتھے اتوار کو ماہانہ تربیتی اجتماع ہوتا ہے جس میں اوسطاً 30 حضرات شریک ہوتے ہیں۔ اِس سال سمر کورس میں 40 طلبہ شریک ہوئے۔

○ **شعبۂ خواتین**: قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لیے 4 کلاسز میں 133 طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ تجوید کی 2 کلاسز میں 29 خواتین باقاعدہ شریک ہوتی ہیں۔ ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو منعقد ہونے والے درسِ قرآن میں اوسطاً 100 خواتین شرکت کرتی ہیں۔ ایک سالہ قرآن فہمی کورس کی کلاس میں 14 خواتین شریک ہو رہی ہیں۔

## 2) قرآن اکیڈمی' یاسین آباد

الحمدللہ اکیڈمی کا بیسمنٹ تعمیر ہو چکا ہے اور اب گراؤنڈ فلور کی فنشنگ کا کام جاری ہے۔ آئندہ سال قرآن فہمی کورس اس کیمپس میں بھی شروع کرنے کا ارادہ ہے۔ چونکہ قرآن اکیڈمی یاسین آباد شہر کے وسط میں واقع ہے لہٰذا بڑی تعداد میں طلبہ کی شرکت متوقع ہے۔ مرکز میں اِس وقت ہونے والے پروگراموں میں اہم ترین ماہانہ شب بیداری کا پروگرام ہے جس میں 150 حضرات شریک ہوتے ہیں۔ ہفتہ وار درسِ قرآن منگل کے روز بعد نمازِ عشاء ہوتا ہے۔ چھٹیوں کے دوران میں طلبہ اور طالبات کے لیے سمر کیمپ منعقد کیا گیا جس میں مجموعی طور پر 36 طلبہ اور پانچ طالبات نے شرکت کی۔ خواتین کے لیے عربی گرامر' ناظرہ قرآن' ترجمۂ قرآن اور منتخب نصاب کی کلاسز منعقد ہو رہی ہیں۔ بالغان اور بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کی کلاس پابندی سے جاری ہے۔ اس سال عربی گرامر کورس میں 8 حضرات نے شرکت کی۔ ماہ ربیع الاوّل میں شجاع الدین شیخ صاحب نے ''غارِ حرا سے حجۃ الوداع تک'' کے موضوع پر بڑا دلنشین خطاب فرمایا جس میں تقریباً 350 افراد نے شرکت کی۔

## 3) قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز کا دارالمطالعہ باقاعدگی سے کھلتا ہے۔ احباب و رفقاء اِس سے بھرپور استفادہ کرتے ہیں۔ ہفتہ وار درسِ قرآن میں شرکاء کی تعداد 40 اور 50 کے درمیان رہتی ہے۔ دورۂ ترجمۂ قرآن میں 35 سے 40 مرد اور 10 سے 15 خواتین نے شرکت کی۔ ہفتہ وار تربیتی اجتماع میں 13 حضرات شریک ہوتے ہیں۔ عربی گرامر اور تجوید کی کلاس میں 10 افراد نے شرکت کی۔ قرآن مرکز کی تعمیر کے لیے نقشہ جات کی تیاری کا کام جاری ہے۔

© rasailojaraid.com

### 4) قرآن مرکز نارتھ کراچی

قرآن مرکز نارتھ کراچی کے لیے ایک صاحبِ خیر نے 240 گز کا ایک پلاٹ ہبہ کیا تھا۔ اس مرکز کی تعمیر کے لیے ابتدائی نقشہ جات کی تیاری کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ سال تعمیری کام شروع ہو جائے گا۔

### 5) قرآن سینٹر ڈیفنس

ہر بدھ کو بعد نماز مغرب درسِ قرآن میں اوسطاً 40 افراد شریک ہوتے ہیں۔ مردوں کے لیے عربی گرامر کلاس میں 20 افراد نے شرکت کی جبکہ خواتین کی کلاس میں 7 شریکات نے کامیابی سے کورس کی تکمیل کی۔ خواتین کے لیے ہفتہ وار ترجمہ وتفسیر کی کلاس میں اوسطاً حاضری 20 رہی۔ بچوں کی دینی تربیت اور تجوید کی کلاسز سے تقریباً 40 بچوں نے استفادہ کیا۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں سمر کورس منعقد کیا گیا جس میں 54 بچوں نے شرکت کی۔

© rasailojaraid

### 6) قرآن مرکز گلزارِ ہجری

ماہِ فروری 2005ء میں ایک صاحبِ خیر کی طرف سے اِس مرکز کے لیے برائے نام کرائے پر جگہ فراہم کی گئی۔ مرکز میں ایک مکتبہ ولائبریری قائم کی گئی۔ 23 مارچ 2005ء کو مرکز کی تشہیر کے لیے ایک روزہ تعارفی کیمپ لگایا گیا۔ مرکز کو شام 3 بجے سے اذانِ عشاء تک باقاعدگی سے کھلے رکھنے کا انتظام کیا گیا۔ 4 جون سے ایک قاری صاحب کا انتظام کیا گیا جو عصر اور مغرب کے درمیان بچوں کو ناظرہ قرآن کی تعلیم دیتے ہیں۔ ہر بدھ بعد نماز عشاء درس قرآن کا اہتمام ہوتا ہے۔ ہر ماہ کے تیسرے اتوار کو 11 بجے دن بھی درس قرآن ہوتا ہے۔ خواتین کے لیے ہر بدھ شام 4 تا 6 بجے درس قرآن ہوتا ہے۔

## چند قابلِ ذکر امور

### 1) دیگر اداروں میں لیکچرز وخطابات

الحمدللہ! اس سال بھی چند تعلیمی و دیگر اداروں کی طرف سے انجمن کو عربی گرامر کلاسز اور مختلف موضوعات پر لیکچرز وخطابات کی دعوت دی گئی جس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

☆ نیول انجینئرنگ کالج (PNS JAUHAR) میں انجینئر نعمان اختر صاحب

© rasailojaraid

گریجویشن کے طلبہ کو انگریزی میں Islamic Studies کا مضمون پڑھا رہے ہیں۔

☆ شجاع الدین شیخ صاحب کے لیکچرز و خطابات کی تفصیل حسب ذیل ہے: 5 نومبر 2004ء Commecs Institute میں ''اسلام اور صحت'' کے موضوع پر' 24 مارچ 2005ء کو IBA کے مرکزی کیمپس واقع کراچی یونیورسٹی میں ''اسلام کا معاشی نظام'' کے موضوع پر' یکم مئی 2005ء کو تابانی اسکول آف اکاؤنٹنسی کے سالانہ ڈنر کی تقریب منعقدہ بحریہ آڈیٹوریم میں ''روشن خیالی'' کے موضوع پر' 12 اگست 2005ء کو لیاقت ڈینٹل کالج میں ''اسلام اور پاکستان'' کے موضوع پر اور 10 ستمبر 2005ء کو Pakistan Islamic Medical Association کے تحت منعقدہ سیمینار میں ''Islam and Tobacco'' کے موضوع پر خطاب کیا۔

## 2) خصوصی خطاباتِ جمعہ

© rasailojaraid.com

نگرانِ انجمن اور دیگر مقررین نے مسجد جامع القرآن میں خصوصی خطابات فرمائے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

☆ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے خطاباتِ جمعہ کے موضوعات تھے: اُمت مسلمہ کی سب سے بڑی ضرورت' قرآن کا فلسفۂ شہادت' پاکستان کا موجودہ انتشار اور اِس کا حل' سانحۂ کربلا کا تاریخی پس منظر' قراردادِ پاکستان سے قراردادِ مقاصد تک' ختمِ نبوت اور اس کے تقاضے' حفاظتِ قرآن' حرمتِ قرآن اور ہماری ذمہ داریاں اور دہشت گردی اور اس کے اسباب۔

☆ حافظ عاکف سعید صاحب نے قرآن حکیم کی بنیادی فکری رہنمائی' قرآن میں حزب اللہ اور حزب الشیطان کا ذکر اور دہشت گردی کے موضوعات پر خطابات ارشاد فرمائے۔

## 3) فاران کلب میں درسِ قرآن

فاران کلب انٹرنیشنل کے زیرِ اہتمام ماہانہ درسِ قرآن کا پروگرام باقاعدگی کے ساتھ ہر مہینہ کے پہلے اتوار کو جاری ہے۔ قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب کے سلسلہ وار دروس کی ذمہ داری انجینئر نوید احمد صاحب بڑے احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں۔ اس پروگرام میں تقریباً 700 حضرات و خواتین شریک ہوتے ہیں۔ اس نشست میں اب تک منتخب نصابِ قرآنی کے چار حصّوں کے دروس مکمل ہو چکے ہیں جبکہ پانچویں حصّے کا آغاز ہو چکا ہے۔ درس کے نکات پر مشتمل کتابچہ شرکاء کو تحفتاً پیش کیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

## 4) انٹرنیٹ پر لیکچرز

الحمد للہ! www.paltalk.com کے گروپ " By language : india & pakistan کے روم @@ quranacademy pakistan @@live میں پاکستان کے وقت کے مطابق روزانہ رات 7:00 بجے روم کا آغاز ہوتا ہے جس میں نگرانِ انجمن اور دیگر مقررین کی تقاریر/دروس چلائے جاتے ہیں۔ رات 10:00 بجے سے 12:00 بجے live پروگرامز کا انعقاد ہوتا ہے جس میں تجوید' آدابِ زندگی' آؤ دعائیں یاد کریں' منتخب نصاب آن لائن' درسِ قرآن' دینی موضوعات پر ورکشاپ' تذکیر بالقرآن اور سوال و جواب کی نشست ہوتی ہے۔ ان تمام پروگرامز میں متحدہ عرب امارات' امریکہ' برطانیہ' کینیڈا اور بھارت سے سامعین شرکت کرتے ہیں۔ اس طرح یہ روم سمندر پار پاکستانیوں میں انجمن کی سرگرمیوں کے تعارف کا ایک موثر ذریعہ بن گیا ہے۔ ان تمام پروگرامز کو قرآن مرکز کورنگی سے بھی شروع کرنے کا ارادہ ہے اور اس سلسلے میں کوشش کی جارہی ہے۔

© rasailojaraid.com

# آئندہ کے منصوبے

1- قرآن اکیڈمی یاسین آباد کے بیسمنٹ کی تکمیل کے بعد گراؤنڈ اور فرسٹ فلور کی تعمیر مکمل کرنے کا منصوبہ ہے۔

2- شعبۂ سمع و بصر میں ویڈیو ایڈیٹنگ کی سہولیات فراہم کرنے کا منصوبہ ہے۔

3- الحمد للہ قرآن اکیڈمی کے تمام شعبہ جات کے کمپیوٹرز کو newtworking کے ذریعے link کر دیا گیا ہے اور اب کراچی شہر کے مختلف مراکز کو بھی interlink کرنے کا منصوبہ ہے۔

4- منتخب نصاب کے حصہ ششم کے نوٹس کی کمپوزنگ کا کام جاری ہے۔ ان شاء اللہ عنقریب ان نوٹس کو کتابی صورت میں شائع کر دیا جائے گا۔

5- مدرسین اور مترجمین کی سہولت کے پیشِ نظر قرآن کریم کا ایک رواں اور آسان ترجمہ تیار کرنے کا کام جاری ہے۔ طویل آیات کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کر کے متن اور ترجمہ کو ایک ساتھ شائع کیا جائے گا تاکہ درسِ قرآن دیتے ہوئے یا ترجمۂ قرآن کرتے ہوئے ترجمہ کی روانی برقرار رہے۔

6- قرآن اکیڈمی ڈیفنس کی تعمیرات میں توسیع کا منصوبہ ہے جس میں طہارت اور وضو کی

© rasailojaraid.com

سہولیات کو بہتر بنانے‘ اسٹاف کی رہائش کے لیے معقول انتظام کرنے اور ایک اسٹوڈیو کی تعمیر شامل ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ معیاری پروگرامز ریکارڈ کر کے ARY اور QTV چینل پر نشر کرنے کے لیے دیے جاسکیں۔

# انجمن خدام القرآن ملتان

## دورۂ ترجمۂ قرآن

ماہِ رمضان المبارک میں باترجمہ تراویح کے ساتھ ترتیب دیا گیا یہ پروگرام مرکزی انجمن خدام القرآن اور اس سے جنم لینے والی انجمنوں کی نمایاں خصوصیت ہے اور الحمدللہ اس وقت پورے پاکستان کے نمایاں شہروں میں بھرپور طور پر یہ سلسلہ پھیل چکا ہے۔ قرآن اکیڈمی ملتان میں بھی یہ پروگرام 1992ء سے تسلسل سے جاری ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد اور توفیق سے اِمسال یہ پروگرام ملتان میں تین مقامات قرآن اکیڈمی‘ قرطبہ مسجد اور 5/H شاہ رکن عالم کالونی میں ہوا۔ قرآن اکیڈمی میں سال گزشتہ کی طرح یہ سعادت راقم (ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی) کے حصے میں آئی۔ تینوں پروگراموں کی تشہیر کے لیے اجتماعی طور پر دس ہزار ہینڈ بلز‘ پانچ ہزار پاکٹ کارڈ‘ ایک ہزار ہینگنگ کارڈ اور پچیس عدد بینرز بنوائے گئے۔ قرآن اکیڈمی ملتان اور گردونواح سے تقریباً 150 مرد اور 40 تا 50 خواتین اس پروگرام میں باقاعدگی سے شریک ہوتے رہے‘ جبکہ بقیہ دو مقامات پر بھی حاضری تسلی بخش تھی۔ دوران وقفہ شرکاء کی چائے اور بسکٹ سے تواضع کی گئی جبکہ مقیم حضرات کے لیے بلامعاوضہ قیام و طعام کا اہتمام کیا گیا۔ ماہِ مبارک کے آخری عشرے میں پچاس افراد نے قرآن اکیڈمی میں اعتکاف کیا جس کے لیے بامعاوضہ اجتماعی سحری وافطاری کا اہتمام کیا گیا۔ اختتامی پروگرام میں تقریباً 500 خواتین وحضرات نے شرکت کی‘ جن کی مٹھائی سے تواضع کی گئی۔

## عربی گرامر کلاس

قرآن حکیم کی تعلیمات سے براہِ راست استفادے اور اس کے ساتھ شعوری تعلق پیدا کرنے کے لیے عوام الناس میں عربی زبان کی ترویج انجمن خدام القرآن کے اساسی مقاصد میں شامل ہے۔ عربی گرامر کی تدریس کے لیے اس سال قدرے مختلف طریقہ اختیار کرتے

© rasailojaraid.com

ہوئے پہلے کم دورانیے کی تین تعارفی کلاسز کا اجراء کیا گیا جس کے بعد ان کلاسز کے شرکاء کو چار ماہ کے دورانیے پر مشتمل تفصیلی کلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ کم دورانیے کی کلاسز میں اوسطاً بیس اُفراد نے شرکت کی' تاہم ان کلاسز کے اختتام پر جب تفصیلی کلاس شروع ہوئی تو اس میں حاضری حوصلہ افزا نہ رہی۔ اِمسال اس سلسلے کی آخری کلاس 6 جون تا 26 اگست تک جاری رہی جس کے لیے تین ہزار ہینڈ بلز' 6 عدد بینرز بنوائے گئے۔ روزنامہ اسلام میں تین دن متواتر اشتہار شائع کرایا گیا۔ اس کلاس کی تدریس کے لیے گورنمنٹ کالج بوسن روڈ کے شعبہ عربی کے سربراہ ڈاکٹر محمد اصغر اسعد کی خدمات حاصل کی گئیں۔ ابتداءً حاضری 50 مرد اور 30 خواتین تک رہی تاہم بعد میں چھ افراد نے آخر تک اس کلاس کا ساتھ دیا۔ ان کلاسز سے ابھی تک حوصلہ افزا نتائج سامنے نہیں آئے ہیں تاہم کوششیں جاری ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری خامیوں کو دور فرما دے اور ان کلاسز کے مطلوبہ مقاصد کے حصول کو ہمارے لیے آسان فرمادے۔ آمین

© rasailojaraid

## ترجمہ وتفسیر قرآن کلاس

مورخہ 5 راپریل 2004ء سے ادارہ ہذا کے تحت ترجمہ وتفسیر قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا جس کی تشہیر کے لیے دس ہزار ہینڈ بلز اور بیس عدد بینرز بنوائے گئے۔ مزید برآں چار عدد اخباری اشتہار بھی دیے گئے۔ یہ کلاس ہفتے میں چار دن مغرب تا عشاء جاری رہتی ہے۔ تین دن درس قرآن ہوتا ہے جس کی ذمہ داری راقم کے سپرد ہے۔ اس وقت سورۃ الانفال زیر تدریس ہے' جبکہ ایک دن منتخب نصاب کا درس ہوتا ہے جس کی ذمہ داری محمد سلیم اختر صاحب نبھا رہے ہیں۔ اس وقت شرکاء کی تعداد تیس' پینتیس ہے۔ مزید برآں دن کے اوقات میں بھی خواتین کے لیے ترجمہ وتفسیر قرآن کی کلاس جاری ہے جس کی ذمہ داری محترمہ صغریٰ خاکوانی صاحبہ کے سپرد ہے۔ اس کلاس میں بھی چالیس کے قریب خواتین باقاعدگی سے شریک ہوتی ہیں۔

## صدر مؤسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا دورۂ ملتان

مورخہ 26 اپریل 2005ء بروز منگل صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب ایک روزہ دورہ پر ملتان تشریف لائے۔ ان کے خطابِ عام کے لیے ملتان آرٹس کونسل کا ہال کرایہ پر لیا گیا۔ اس پروگرام کی تشہیر کے لیے دس ہزار

© rasailojaraid

ہینڈ بلز تقسیم کرائے گئے' 25 عدد بینرز لگوائے گئے جبکہ دو اخبارات میں اشتہارات دیے گئے۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے ''خلافت کی حقیقت اور عصر حاضر میں اس کا نظام'' کے موضوع پر سوا دو گھنٹے کا خطاب کیا جسے تقریباً 800 افراد نے پوری توجہ اور دلچسپی سے سنا۔ شرکاء کے تاثرات کے مطابق انہیں پہلی دفعہ خلافت کے موضوع پر اتنی عمدہ تقریر سننے کا موقع ملا جس کے دوران انہیں وقت گزرنے کا احساس ہی نہ ہوا۔ ہال سے باہر سٹال بھی لگایا گیا جس پر تقریباً دس ہزار روپے کی کتب' سی ڈیز اور آڈیو کیسٹس فروخت ہوئیں۔

## مکتبہ

سالِ رواں کی ایک اور نمایاں بات مکتبہ کی منتقلی ہے۔ اس سے پہلے یہ اکیڈمی کی عمارت کے تہہ خانے میں تھا جہاں عوام الناس تک رسائی نہ ہونے کے برابر تھی۔ اب اس کے لیے اکیڈمی کے گیٹ میں ایک کمرہ تعمیر کیا گیا ہے۔ مکتبہ کی باہر منتقلی سے فروخت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ایک سال میں تقریباً نوے ہزار روپے کی سی ڈیز' اتنی ہی مالیت کی کتب اور تیس ہزار روپے کی آڈیو کیسٹیں فروخت ہوئی ہیں۔ اس میں مزید اضافے کے لیے ہم سب نے قرآن اکیڈمی' یہاں ہونے والے پروگراموں اور یہاں سے دستیاب نشری و اشاعتی مواد کے بارے میں اپنے حلقہ احباب کو خصوصی طور پر اور عوام الناس کو عمومی طور پر آگاہ کرنا ہے۔

## نظام خطاب جمعۃ المبارک

جامع مسجد قرآن اکیڈمی میں نماز جمعہ کا اہتمام گزشتہ پندرہ سال سے مستقل طور پر ہو رہا ہے جس میں تین سو کے لگ بھگ افراد شریک ہوتے ہیں۔ خواتین کی بھی معقول تعداد نمازِ جمعہ کے اجتماع میں شریک ہوتی ہے۔ خطابِ جمعہ کی نمایاں خصوصیت عوام الناس کو حالات حاضرہ سے آگاہی اور اس کے ضمن میں قرآن وسنت کی روشنی میں عملی رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ امسال یہ ذمہ داری سعید اظہر عاصم صاحب' محمد سلیم اختر صاحب اور راقم الحروف ادا کرتے رہے۔ نمازِ جمعہ کے بعد مسنون تقاریب نکاح کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔ اس سال کے دوران 12 مسنون تقاریب نکاح منعقد ہوئیں۔

## شعبہ حفظ و ناظرہ

ادارہ ہذا میں قرآن پاک کے حفظ اور ناظرہ تدریس کا بھی اہتمام ہے۔ شعبۂ حفظ کے

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

لیے دو سیکشن بنائے گئے تھے تاہم بعض وجوہات کی بنا پر دونوں کو ختم کر کے ایک سیکشن بنا دیا گیا ہے جس میں اس وقت 34 بچے حفظ قرآن کر رہے ہیں۔ اس شعبہ کے معلم قاری محمد شاہد صاحب ہیں۔ دوران سال متعدد بچوں نے قرآن پاک کا حفظ مکمل کیا ہے۔ اللہ انہیں قرآن پاک کو سمجھنے اور اس پر عمل کی توفیق بخشے۔ آمین!

اس کے علاوہ بچوں کے لیے عصر تا مغرب ناظرہ تدریس کا بھی اہتمام ہے۔ قاری محمد فرحان صاحب یہ ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔ بچیوں اور خواتین کے لیے بھی قرآن پاک کی ناظرہ تدریس کا اہتمام کیا گیا ہے جس کے لیے ایک مستند قاریہ صاحبہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ اس وقت 40 کے لگ بھگ بچیاں اور خواتین قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

## اقرأ کلاس

ادارہ شانِ اسلام گلبرگ کے زیر نگرانی اقرأ سکول پراجیکٹ کے نام سے پنجاب میں بہت سے سکول قائم کیے گئے ہیں۔ ان اداروں کا بنیادی مقصد ایسے بچوں کو جو کسی وجہ سے اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکے' تین سال کے اندر پرائمری تک تعلیم دلانا ہے۔ یہ ادارے ایک استاد 'ایک کلاس کے اصول پر قائم کیے گئے ہیں' یعنی ایک کلاس کو تین سال کے اندر پرائمری تک تعلیم مکمل کروانے کے بعد نئی کلاس شروع کی جاتی ہے۔ اس پراجیکٹ کے تحت ایک کلاس ادارہ ہٰذا میں بھی جاری ہے۔ کلاس کے تمام اخراجات مشتمل بر کتب' سٹیشنری' یونیفارم اور معلم کی تنخواہ ادارہ ہٰذا برداشت کرتا ہے جبکہ نگرانی کا کام ادارہ شانِ اسلام لاہور کے ذمہ ہے۔ چنانچہ ادارۂ مذکورہ کی طرف سے جاری کردہ کارکردگی رپورٹوں میں سابقہ معلم کی کارکردگی پر عدمِ اطمینان کے اظہار کی بنا پر ان سے معذرت کی گئی ہے اور اس کلاس کے لیے اب ایک نئے معلم کو تعینات کیا گیا ہے۔ ان کی محنت اور لگن کو دیکھتے ہوئے فائنل امتحان میں اچھے نتائج کی توقع ہے۔ اس وقت اس کلاس میں تیرہ بچے پانچویں جماعت کا کورس پڑھ رہے ہیں۔

## حلقہ ہائے دروسِ قرآنی

قرآن پاک کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے قرآن اکیڈمی کے علاوہ شہر میں بھی مختلف مقامات پر دروسِ قرآن کا سلسلہ دوران سال جاری رہا۔ ان میں خان ولیج' جامع مسجد ابوہریرہ' جامع مسجد عثمان' قرطبہ مسجد' دفتر تحریک محنت' امیر آباد' چوک شہیداں' شاہ رکن

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

عالم، رشید آباد اور محلہ ٹبی شیر خان نمایاں ہیں۔

یہ ذمہ داری پروفیسر محمود الٰہی چوہدری صاحب، محمد سلیم اختر صاحب، انجینئر محمد عطاء اللہ صاحب اور راقم الحروف ادا کرتے رہے۔

## اختتامیہ

دورانِ سال ہم سے جو حقیر سی خدمات ہو سکی ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور توفیق کے بغیر ممکن نہ تھیں۔ اس دوران ہم سے جو کوتاہیاں ہوئی ہیں اللہ تعالیٰ ان سے درگزر فرمائے۔ جن جن حضرات کی دلچسپی اور سرپرستی سے یہ کارِ خیر جاری ہے اللہ تعالیٰ اُن کی محنت اور انفاقِ مال کو قبول فرمائے اور روزِ آخرت اجرِ عظیم سے نوازے اور اس میں مزید توفیق ارزانی فرمائے۔ انفاق مال کے علاوہ ہمیں احباب کے مشوروں اور دعاؤں کی شدید ضرورت ہے۔

© rasailojaraid

# انجمن خدام القرآن سرگودھا

## 1) دورۂ ترجمہ قرآن

سرگودھا میں رمضان المبارک کے دوران انجمن کے پلیٹ فارم سے یہ ایک اہم پروگرام ہوتا ہے۔ یہ پروگرام انجمن کے مرکز مسجد جامع القرآن میں منعقد ہوتا ہے۔ شائقین قرآن بڑے ذوق وشوق سے اس میں حصہ لیتے ہیں۔ اس سال بھی دورۂ ترجمہ قرآن کی ذمہ داری ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے باوجود ناسازیٔ صحت کے انتہائی احسن طریقے سے نبھائی۔ سامعین کی حاضری 30 سے 40 تک رہی۔

## 2) باقاعدہ دروسِ قرآن کے حلقے

انجمن کے تحت تقریباً سات مقامات پر دروسِ قرآن کے پروگرام جاری ہیں۔ یہ پروگرام ہفتہ وار، ماہانہ اور روزانہ کی ترتیب سے ہوتے ہیں۔

## 3) فہم دین کورس

اس سال ایک دس روزہ فہم دین کورس منعقد ہوا جس میں درج ذیل موضوعات تھے:

© rasailojaraid

قرآن کے نقطۂ نظر سے ہماری ذمہ داریاں' آدابِ زندگی۔ یہ پروگرام مرکز میں صبح چھ سے ساڑھے آٹھ بجے تک ہوتا تھا۔ پروگرام کے شرکاء کو ان دس دنوں میں تجوید بھی پڑھائی گئی۔ اس پروگرام میں انجمن کے ممبران کے علاوہ مقامی یونیورسٹی کے پروفیسر فضل حق اور عارف صاحب نے بھی اپنی خدمات پیش کیں۔ اس پروگرام میں حاضری 15 سے 20 تک رہی۔ شرکاء نے اس پروگرام کو بہت سراہا اور آئندہ بھی اس طرح کے پروگرام منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## 4) انجمن کی قائم کردہ لائبریری

اس سال اس سے تقریباً 150 لوگوں نے استفادہ کیا۔ لائبریری روزانہ عصر سے عشاء تک کھلی ہوتی ہے۔ لائبریری میں تفاسیر' کتب احادیث اور دیگر موضوعات پر تقریباً 300 کتب موجود ہیں۔ آڈیو کیسٹس کی تعداد 580 اور ویڈیو کیسٹس کی تعداد 142 ہے اور مکتبہ میں کتب کی تعداد 1120 ہے۔

© rasailojaraid.com

## 5) فری لٹریچر کی تقسیم

انجمن کی طرف سے مختلف مواقع پر فری لٹریچر تقسیم کیا گیا۔

مختلف مقامات پر انجمن کی طرف سے مکتبہ لگایا گیا اور مکتبہ سے تقریباً 145 کتابیں فروخت ہوئیں۔

انجمن خدام القرآن سرگودھا اپنے محدود وسائل کے باوجود اس کام کو آگے بڑھانے کے لیے کوشاں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس مساعی کو قبول فرمائے۔

❁ ❁ ❁

# انجمن خدام القرآن اسلام آباد/راولپنڈی

## صدرِ مؤسس کے ماہانہ دروسِ قرآن

انجمن خدام القرآن اسلام آباد/راولپنڈی کی نئی انتظامیہ جنوری 2005ء میں وجود میں آئی' جس کے صدر ڈاکٹر جاوید اقبال ہیں۔ نئی انتظامیہ نے ڈاکٹر اسرار احمد' صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن کے ماہانہ دروس کا آغاز کیا جو کہ دو ماہ قبل تک مسلسل جناب شیخ

© rasailojaraid.com

ظفر الامین کے مکان پر ہوتے رہے۔ ان دروس میں اسلام آباد اور راولپنڈی سے اہم احباب اور شہر کی elite کو دعوت دی جاتی رہی اور یہ پروگرام بڑے بھرپور انداز میں جاری رہے۔

## تفہیم دین کورس

انجمن نے 6 جون تا 16 جولائی 2005ء تفہیم دین کورس کا انعقاد کیا۔ یہ پروگرام تنظیم اسلامی حلقہ پنجاب شمالی کے دفتر واقع 1/8 اسلام آباد میں منعقد کیا گیا۔ کورس میں شرکت کرنے والے احباب کی تعداد 60 کے لگ بھگ تھی جو کہ بعد میں کم ہو کر 30 تا 35 رہ گئی۔ کورس کے اساتذہ نے انتہائی محنت اور شوق سے ذمہ داری نبھائی۔ خصوصاً عربی گرامر کورس جناب حافظ حسین عاکف نے خصوصی طور پر لاہور سے تشریف لا کر مکمل کروایا۔ محترم محمد ندیم صاحب نے تجوید اور اہم دینی مسائل پر شرکاء کورس کو مستفید فرمایا جسے تمام شرکاء نے بہت پسند فرمایا۔ دیگر اساتذہ نے منتخب نصاب کے حوالے سے بڑی محنت کے ساتھ لیکچر تیار کیے جو کہ دعوتی نقطۂ نظر سے مفید ثابت ہوئے۔ پروگرام کے اختتامی اجلاس میں حافظ عاکف سعید صاحب کو خصوصی دعوت پر بلایا گیا۔ تقریباً پندرہ افراد نے بیعت کر کے اقامت دین کی جدوجہد کرنے والے قافلے میں شمولیت اختیار کی۔

## حکمت قرآن کا اجراء

انجمن نے اپنے ممبران کے نام حکمت قرآن کا ماہانہ شمارہ اعزازی طور پر لگوایا ہے جس کی ادائیگی انجمن برداشت کرتی ہے۔

## دفتر انجمن خدام القرآن

فی الحال انجمن کا اپنا دفتر حلقہ تنظیم اسلامی پنجاب شمالی کے دفتر ہی میں رکھا گیا ہے' جو کہ ناظم حلقہ کے خصوصی تعاون کی وجہ سے ممکن ہو سکا ہے۔

## دورۂ ترجمہ قرآن

انجمن کے زیر اہتمام اس دفعہ ماہِ رمضان المبارک کے دوران دو مساجد میں دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگرام ترتیب دیے گئے ہیں۔ اسلام آباد میں F/10 مرکز کی جامع مسجد اور راولپنڈی کینٹ کی الہدیٰ مسجد میں۔

© rasailojaraid.com